صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

E-mail:info@tijaratnews.tv
Cell: 03070610770

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد 26 | شمارہ:03 | 19 تا 25 جنوری 2026ء | صفحات:4 | قیمت:15

نئے کرنسی نوٹ چھاپنے کی منظوری

معاشی استحکام لے آئے، اب ترقی کیلیے اقدامات کرینگے، سول سروس میں اصلاحات ناگزیر، کارکردگی جانچنے کا جامع نظام بنایا جائے، شہباز شریف

دہشت گردی کا مکمل صفایا کرنیکا عزم، پرائیویٹ حج پالیسی کا مسودہ غور کے لیے کمیٹی کو بھیجنے کی ہدایت، وزیراعظم کو امیر قطر کا فون، مشرق وسطی کی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی کابینہ نے نئے کرنسی نوٹ چھاپنے کی منظوری دیدی ہے جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں کامیابی کے بعد ہمارے لڑاکا طیاروں کی مانگ بڑھ گئی ہے، کئی ممالک طیاروں کے حصول کیلئے بات کررہے ہیں، اس سے ملکی معیشت کو فائدہ ہوگا۔ وزیراعظم کی زیرصدارت اجلاس میں کابینہ کو وزارت خزانہ کی جانب سے اسٹیٹ بریفنگ دی گئی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ نئے کرنسی نوٹوں کو جدید بینک آف پاکستان سے جاری ہونے والے بینک نوٹوں کے نئے ڈیزائن کے حوالے سے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

کراچی: گل پلازہ مارکیٹ میں آگ لگی ہوئی ہے

جی 20 میں شامل ہونا ناقابل یقین ڈار

کچھ کمپنیاں ملک سے جارہی ہیں ٹیکس توانائی قیمتیں زیادہ وزیر خزانہ

سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھ رہا ہے، نائب وزیراعظم، ڈیوٹیز کو معقول بنانا، کاروباری لاگت کم کرنا ہوگی، محمد اورنگزیب

بار بار حکومتی تبدیلی نے ترقی متاثر کی، احسن اقبال، معاشی اشاریے بہتر، مصدق ملک، محمد علی کا پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیر اعظم دوزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان ایٹمی طاقت ہے اور اسے دنیا کی 20 بڑی معیشتوں (جی ٹوئنٹی) میں شامل کرنا ہدف ہے۔ پاکستان پالیسی ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا حکومت کی توجہ قرضوں میں کمی، شعبہ توانائی میں مالی استحکام اور سرکاری اداروں کی رائٹ سائزنگ پر ہے۔ حکومت معاشی اصلاحات کے ایجنڈے پر گامزن ہے، سیاسی مفادات سے بالاتر ہوکر پالیسیوں میں تسلسل اور شفافیت لانا ہوگی۔ پی آئی اے کی نجکاری سے سرمایہ کاروں کا اعتماد بڑھ رہا۔ آج تمام بین الاقوامی ریٹنگ ایجنسیز پاکستانی معیشت کو مستحکم قرار دے رہی ہیں۔ موجودہ حکومت نے جب باگ ڈور سنبھالی تو اسے ایک شدید معاشی عدم توازن ورثے میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

اسٹاک مارکیٹ میں منڈی سے 1 لاکھ 82 ہزار پوائنٹس کی خدبھی گر گئی

60 فیصد حصص کی قیمتوں اور انڈیکس میں 1113 پوائنٹس کی کمی، سرمایہ کاروں کے مزید 91 ارب 82 کروڑ روپے ڈوب گئے

تولہ سونا 3700 روپے سستا، انٹربینک میں ڈالر مزید ایک پیسے گھٹ گیا، اوپن مارکیٹ میں قدر بغیر تبدیلی کے مستحکم رہی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پی آئی ہیز کی کم ایلڈ پر نیلامی سے نئی مانیٹری پالیسی میں شرح سود میں مزید کمی کی توقعات اور اچھے فنڈامینٹلز کے باوجود پاکستان اسٹاک ایکس چینج میں جمعرات کو بھی اتار چڑھاؤ کے بعد منڈی رہی جس سے انڈیکس کی 1 لاکھ 82 ہزار پوائنٹس کی سطح بھی گر گئی۔ منڈی کے سب 60 فیصد حصص کی قیمتوں میں کمی واقع ہوئی جبکہ سرمایہ کاروں کے مزید 91 ارب 82 کروڑ 15 لاکھ 21 ہزار 955 روپے ڈوب گئے۔ کاروبار کا آغاز تیزی سے ہوا لیکن اس دوران فریٹلائزر سیمنٹ بینکس سرمایہ کاری کمپنیوں سمیت دیگر شعبوں میں آپ سائیڈ پرافٹ ٹیکنگ سے جاری تیزی منڈی میں تبدیل ہوگئی، کاروبار کے اختتام پر کے ایس ای 100 انڈیکس 1113.48 پوائنٹس کی کمی سے 181456.33 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

ساحہ گل پلازہ حکومتی غفلت ہلاکتوں میں اضافے کا خدشہ

آگ نے پوری زندگی کی کمائی کو نگل لیا، حکومتی اداروں کی غفلت کے باعث کروڑوں روپے کے اثاثوں کے مالکان صرف ایک ہی رات میں سڑک پر آگئے فوری اطلاع دیے جانے کے باوجود فائر بریگیڈ کی پہلی گاڑی تقریباً ڈیڑھ گھنٹے کی تاخیر کے بعد پہنچی

پانی کا پریشر نہ ہونے کی وجہ سے آگ نے دیکھتے ہی دیکھتے پورے شاپنگ پلازہ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، آگ کے خوفناک شعلے کئی گھنٹوں تک مال ومتاع کو نگلتے رہے تاہم فائر بریگیڈ کا عملہ اور دیگر حکام بالا خاموش تماشائی بنے رہے، متاثرہ تاجروں کا الزام، تین روزہ سوگ کا اعلان

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کراچی کے معروف و مصروف ترین شاپنگ سینٹر گل پلازہ میں ہفتے کی شب تقریباً سوا 10 بجے لگنے والی آگ پر 24 گھنٹے سے زائد کا وقت گزر جانے کے باوجود قابو نہ پایا جاسکا اور آتشزدگی کے باعث شاپنگ سینٹر کی 12 سو سے زائد دکانیں، گودام اور ان میں مجموعی طور پر موجود اربوں روپے مالیت کا سامان مکمل طور پر جل کر راکھ ہوگیا جبکہ آگ کی شدت کے باعث تقریباً دو ایکڑ سے زائد رقبے پر مشتمل وسیع وعریض شاپنگ سینٹر کا 70 فیصد حصہ منہدم ہوگیا جس کے باعث عمارت کے مکمل طور پر زمین بوس کا خدشہ بھی لاحق ہوچکا ہے۔ ذرائع سے ملنے والی اطلاع کے مطابق متاثرہ تاجروں کا کہنا تھا کہ آگ نے ان کی پوری زندگی کی کمائی کو نگل لیا جبکہ حکومتی اداروں کی غفلت کے باعث کروڑوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر

یوٹیوب پر جاکر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں

اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں

info@tijaratnews.tv 0313-1176161

SUBSCRIBE NOW

TIJARAT NEWS بہتر پتا کل

YouTube

پاکستان کرپٹو کونسل اور ورچوئل اثاثہ ریگولیٹری اتھارٹی قائم

مقصد کرپٹو مارکیٹ کی مؤثر ریگولیشن، صارفین کا تحفظ یقینی بنانا ہوگا

کرپٹو ایکس چینجز کو لائسنس جاری، کرپٹو مائننگ، ٹوکنائزیشن اور فن ٹیک کا بھی آغاز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے ڈیجیٹل معیشت کے فروغ کی جانب ایک اہم اور تاریخ ساز قدم اٹھاتے ہوئے کرپٹو کرنسی کے شعبے میں شفافیت اور قانونی نظام کے قیام کے لیے پاکستان کرپٹو کونسل اور پاکستان ورچوئل اثاثہ جات ریگولیٹری اتھارٹی قائم کردی ہیں۔ ان اداروں کا بنیادی مقصد کرپٹو مارکیٹ کی مؤثر ریگولیشن، صارفین کے تحفظ کو یقینی بنانا اور ڈیجیٹل اثاثوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

ایران سے تجارت کرنیوالوں پر ٹرمپ کا 25 فیصد ٹیرف، پاکستان سے زیادہ بھارت کو نقصان، بی بی سی

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کے ساتھ تجارت کرنے والے تمام ممالک پر 25 فیصد ٹیرف عائد کرنے کا اعلان کیا ہے، اس کا پاکستان پر اثر جزوی اور کم ہے جبکہ بھارت پر زیادہ اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ پاکستان اور ایران کے درمیان زیادہ تر تجارت زمینی راستوں کے ذریعے غیر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

معاشی استحکام، پالیسی ریٹ سے نیچے ٹریڈنگ کا آغاز

پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز کٹ آف ریٹس 59 سے 70 میں پوائنٹس کم ہوگئے

بجٹی شعبے کیلیے قرض فراہمی کی گنجائش بڑھی، مالیاتی دباؤ میں نمایاں نرمی آگئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت اور ایس آئی ایف سی کی جامع پالیسیوں سے پاکستان کے معاشی استحکام کی کوششیں رنگ لانے لگیں، تقریباً پانچ سال بعد مارکیٹ کی یلڈز سنگل ڈیجٹس تک آنے سے پالیسی ریٹ سے نیچے ٹریڈ کا آغاز ہوگیا۔ ٹی بلز کٹ آف ریٹس میں 29 سے 34 میں پوائنٹس کی ریکارڈ کمی گئی ہے۔ پاکستان انویسٹمنٹ بانڈز (پی آئی بی) (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

ڈیپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کی پالیسیوں کے باعث کاروباری برادری کو مشکلات کا سامنا

وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق کے ماتحت یہ حساس ادارہ نہ صرف اپنی ساکھ کھو رہا ہے بلکہ اس کی بدترین کارکردگی پاکستان کی غذائی سلامتی اور عالمی تجارتی حیثیت کے لیے سنگین خطرات پیدا کرچکی ہے

سندھ ہائیکورٹ کے احکامات پر ایک کسٹم افسر کو ڈی جی کے عہدے سے ہٹائے جانے کے باوجود دوبارہ ایک اور کسٹم افسر یاسین مرتضی کو ڈیپوٹیشن پر ڈی جی تعینات کردیا گیا ہے

کراچی (کامرس رپورٹر) ارباب اختیار کی نااہلی کے باعث پاکستان کا اہم ترین ادارہ ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن تباہی کے دہانے پر پہنچ گیا ہے۔ ملک میں درآمد اور برآمد ہونے والی زرعی اور غذائی اجناس کی جانچ پڑتال، حلال وحرام کی تفریق، بائیوسیکیورٹی، قرنطینہ، ایکسپائری ڈیٹ اور عالمی معیارات کے نفاذ کا ذمے دار وفاقی ادارہ ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن آج بدعنوانی، اقربا پروری اور حکومتی عدم توجہ کے باعث عملی طور پر مفلوج ہوچکا ہے۔ اور وزارت قوم غذائی تحفظ وتحقیق کے ماتحت یہ حساس ادارہ نہ صرف اپنی ساکھ کھو رہا ہے بلکہ اس کی بدترین کارکردگی پاکستان کی غذائی سلامتی اور عالمی تجارتی حیثیت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

چھالیہ کی درآمد کے نئے طریقہ کار پر عمل درآمد ممکن نہ ہوسکا

اس حوالے سے پلانٹ پروٹیکشن ایڈوائزری روڈ ائیر یکٹر جنرل کی جانب سے وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق کو ایک تفصیلی ابتدائی رپورٹ پیش کی جاچکی ہے، جس میں ذمہ دار افسران کی نشاندہی بھی کردی گئی ہے

واضح طور پر تعین کیا گیا کہ چھالیہ کے ہر کنسائنمنٹ کی پری شپمنٹ انسپکشن برآمد کنندہ ملک کے تسلیم شدہ اداروں کے ذریعے ہوگی اور صرف وہ کنسائنمنٹ ہی پاکستان بھیجی جائے گی

کراچی (کامرس رپورٹر) تجارت نیوز کو مستند ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق کئی ماہ گزر جانے کے باوجود انڈونیشیا سے چھالیہ کی درآمد کے لیے منظور کیے جانے والے نئے طریقہ کار پر عملدرآمد ممکن نہ ہوسکا تو دوسری جانب برآمد سے قبل جانچ پڑتال کے نظام میں رکاوٹوں اور داخلی امور میں سنگین انتظامی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے۔ ذرائع کے مطابق اس حوالے سے پلانٹ پروٹیکشن ایڈوائزری روڈ ائیر یکٹر جنرل کی جانب سے وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق کو ایک تفصیلی ابتدائی رپورٹ پیش کی جاچکی ہے، جس میں ذمہ دار افسران کی نشاندہی بھی کردی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق 25 اگست 2025 کو (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

وفاقی فنڈز کے اجرا میں 157 ارب روپے کے کیش سرپلس ہدف کو پورا کرنے کے لیے سنگین خطرہ

صوبے کو این ایف سی کے تحت تخمینہ شدہ رقم سے 6 7 ارب روپے کم ملنے پر وزیر خزانہ مراد اور نگزیب کو متنبہ کیا ہے، مشیر خزانہ خیبر پختونخوا کے

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا حکومت نے خبردار کیا ہے کہ نیشنل فنانس کمیشن (این ایف سی) اور دیگر وعدوں کے تحت وفاق کی جانب سے فنڈز کے اجرا میں مسلسل کمی نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ساتھ طے شدہ 157 ارب روپے کے کیش سرپلس کے ہدف (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

وسائل کی تقسیم کے لیے آبادی پر زیادہ انحصار آبادی پر قابو پانے کی کوششوں کو متاثر کررہا ہے، احسن اقبال

پاکستان میں آبادی میں اضافے کی شرح 2.4 فیصد سے بڑھ کر 2.55 فیصد ہوگئی ہے، جو دنیا کی بلند ترین شرحوں میں سے ایک ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی احسن اقبال نے نیشنل فنانس کمیشن ایوارڈ میں ایک بنیادی نقص کی نشاندہی کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ وسائل کی تقسیم کے لیے آبادی پر ضرورت سے زیادہ انحصار آبادی پر قابو پانے کی کوششوں کو متاثر کررہا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

پاکستان کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کا علاقائی مرکز بنانے کے لیے بھرپور کوششیں جاری ہیں

حکومت کی اولین ترجیحات میں پاکستانی نوجوانوں کو عالمی معیار کی آئی ٹی تعلیم اور تربیت فراہم کرنا شامل ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان کو انفارمیشن ٹیکنالوجی کا علاقائی مرکز بنانے کے لیے بھرپور کوششیں جاری ہیں۔ انھوں نے ان خیالات کا اظہار آئی ٹی کی ممتاز نوجوان پاکستانی ماہر مرحومہ ارفع کریم رندھاوا کے والدین ثمینہ امجد اور امجد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

کیماڑی کی بندرگاہ پر آتشزدگی سے 20 کنٹینرز جل گئے

تخمینہ بیٹریز، الیکٹرونک آٹھز اور بچوں کے کھلونے سمیت کروڑوں روپے کا سامان تباہ، وفاقی وزیر بحری امور نے نوٹس لے لیا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کیماڑی کی بندرگاہ پر کپڑے میں لگی آگ نے 20 کنٹینر جلا دیے، جس کے نتیجے میں تخمینہ بیٹریز، الیکٹرونک آٹھز، بچوں کے کھلونوں سمیت کروڑوں روپے مالیت کا سامان تباہ ہو گیا۔ وفاقی وزیر بحری امور نے واقعے کا نوٹس لے کر تفصیلی رپورٹ طلب کرلی۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، احسن اقبال، مصدق ملک، محمد علی، یونس ڈھاگا و دیگر کا پاکستان ڈائیلاگ پالیسی کی تقریب میں گروپ فوٹو

صنعتوں کے بجلی پیرامیٹر کراس سبسڈی کا خاتمہ ضروری ہے

فی یونٹ 4.5 سے 7 روپے تک کی اضافی لاگت صنعت کو مسلسل غیر مؤثر اور ناقابلِ عمل بنا رہی ہے

کراس سبسڈی نے متعدد صنعتی یونٹس کیلئے معمول کے مطابق کاروبار جاری رکھنا بھی مشکل بنا دیا ہے، محمد اکرام راجپوت

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) کوٹنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے صدر محمد اکرام راجپوت نے صنعتوں کیلئے بجلی کے ٹیرف میں شامل کراس سبسڈی کو فوری طور پر ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ فی یونٹ 4.5 سے 7 روپے تک کی اضافی لاگت صنعت کو مسلسل غیر مؤثر اور ناقابل عمل بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صنعت پہلے ہی بلند پیداواری لاگت، کمزور طلب اور مالی دباؤ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

منامہ: خاتون اول آصفہ بھٹو بحرین کے نیشنل میوزیم میں بحرینی ثقافت کا مشاہدہ کررہی ہیں

امریکا جلد پاکستان کیلیے ویزے بحال کریگا

خارجہ دفتر

ایران کیخلاف اپنی زمین اور فضا استعمال نہ ہونے دینے کے موقف پر کاربند، مسئلے کا پرامن حل چاہتے ہیں

افغانستان میں بھارتی حمایت یافتہ دہشت گرد نیٹ ورکس کی نشاندہی کی جاچکی ہے، بھارتی آرمی چیف کے الزامات من گھڑت ہیں، ترجمان کی بریفنگ

گھریلو صارفین کو بلاتعطل گیس فراہم کی جائے، وزیر پٹرولیم

صنعت سے گھریلو شعبے کو اضافی گیس منتقل کرنے کے آپشن پر غور کیا جارہا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) گھریلو صارفین کو بلاتعطل گیس کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے گیس کمپنیوں کو ہدایت جاری کردی، ملک بھر میں سردی کی شدت میں اضافہ کے باعث گیس فراہمی چیلنجز پر وزیر پٹرولیم نے نوٹس لے لیا ہے، ان کا کہنا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے کہا ہے کہ امریکا کی جانب سے پاکستان کے لیے ویزوں پر پابندی کے معاملے پر امریکی حکام سے رابطے میں ہیں۔ امید ہے کہ امریکا جلد پاکستان کیلیے ویزوں کی بحالی کا اعلان کردے گا۔ پاکستان نے بھارتی آرمی چیف کے الزامات کو سختی سے مسترد کردیا اور کہا کہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

بین الاقوامی شپنگ لائنز کی من مانیاں ختم، سرکاری بینک ایکسچینج ریٹ کا نفاذ یقینی بنا دیا گیا ہے

اپنے متعلقہ مجاز کمرشل بینکوں کے فراہم کردہ ایکسچینج ریٹ کی بنیاد پر ہی شپنگ فیس وصول کریں گی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) بین الاقوامی شپنگ لائنز کی جانب سے من مانیوں اور ضرورت سے زائد بلنگ کے طویل عرصے سے جاری عمل کا مؤثر خاتمہ کرتے ہوئے کسٹمز نے تاریخی اور صنعت گیر کامیابی حاصل کی ہے جس کے تحت شپنگ چارجز کے لیے سرکاری بینک ایکسچینج ریٹ (تبادلہ کی شرح) کا نفاذ یقینی بنا دیا گیا ہے۔ فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

کراچی، 3 ارب 90 کروڑ روپے کی اسمگل اشیا تلف کردی گئیں

غیر ملکی شراب، بیئر، ممنوعہ کھلونے، سگریٹس، اجینوموتو، پان پراگ، شیشہ فلیورز، چھالیہ شامل

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان کسٹمز کے آئی اے پی اور انفورسمنٹ کلکٹریٹ کراچی نے اسمگل ہو نیوالے 3 ارب 90 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی ضبط شدہ ممنوعہ اور مضر صحت اشیا کو تلف کردیا ہے، ان اشیا میں غیر ملکی شراب، بیئر کینز، ممنوعہ کھلونے، ٹوبیکو مصنوعات، مختلف برانڈز کی سگرٹیں، اجینوموتو، نسوار، پان پراگ، شیشہ فلیورز، چھالیہ شامل ہیں۔ اس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

مصنوعی ذہانت کے فروغ کیلئے ڈیٹا سینٹر قائم کیا جائے گا

پاکستانی کمپنی ڈیٹا والٹ کے امریکی کمپنی رافے سسٹمز کے ساتھ معاہدے پر دستخط

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں مصنوعی ذہانت کو فروغ دینے کیلئے خصوصی ڈیٹا سینٹر قائم کیا جائیگا، اس حوالے سے پاکستانی کمپنی ڈیٹا والٹ پاکستان نے امریکی کمپنی رافے سسٹمز کے ساتھ شراکت داری معاہدے پر دستخط کردیے ہیں۔ معاہدے کے تحت پاکستان کا پہلا خودمختار اے آئی کلاؤڈ تیار کیا جاسکے گا۔ منصوبے کا مقصد ٹیلی کام کمپنیوں، بینکوں، کلاؤڈ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 45)

کسانوں کو اچھا ریٹ دینا وزیراعظم کی اولین ترجیح ہے

ایاز خان چیئرمین اور ان کی اہلیہ دونوں قید تنہائی میں ہیں، نعیم حیدر، پی کے پالیٹکس میں گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) زیر مملکت حذیفہ رحمٰن نے کہا ہے کہ زرعی اصلاحات ہونی چاہئیں جبکہ کسانوں کو فصلوں کا اچھا ریٹ دین وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ مریم نواز کی ترجیحات ہیں جس پر غور کیا جارہا ہے، ایکسپریس نیوز کے پروگرام پی کے پالیٹکس میں گفتگو کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ شہباز شریف جب 2018 میں وزیراعلیٰ تھے تو ڈی اے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

چین سے تعلق غیر متزلزل رہیگا

ریلوے کی کارکردگی مؤثر بنانے کیلیے انقلابی اقدامات ناگزیر، وزیر اعظم

اقدامات کا روڈ میپ بنایا جائے، ریلویز کے وسائل کے کمرشل استعمال کے لیے جامع حکمت عملی مرتب کی جائے

مختلف شہروں میں آسان خدمت مراکز بنائے جائیں گے، شہباز شریف، چینی نائب وزیر اور آذربائیجان کے وفد سے ملاقات

اسلام آباد، لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان ریلویز میں ادارہ جاتی اور انتظامی کارکردگی کو مزید مؤثر بنانے کیلیے انقلابی اقدامات کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے ہدایت کی ہے کہ پاکستان ریلویز با معنی مشاورت کے بعد عملی اقدامات پر مشتمل روڈ میپ آئندہ ہفتے پیش کرے۔ ریلوے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

ہر تاجر ٹیکس ادا کرنا چاہتا، صرف اعتماد کا فقدان ہے، وفاقی وزیر

کورنگی کے صنعتکاروں کو آئندہ نوٹسز کا اجرا نہیں کیا جائیگا، چوہدری سالک

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اوورسیز پاکستانی چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ بیرون ملازمت کے لیے جانے والوں کو پروکٹر یٹ لگا ہوگا تو انھیں ایئرپورٹ پر نہیں روکا جائے گا جبکہ جن 60 سالہ افراد نے اپنے فارم جمع کراتے ہیں انھیں ای او بی آئی کارڈ جاری کیے جائیں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

نواز شریف، وزیر اعلیٰ مریم نواز اور خواجہ آصف لاہور ایئرپورٹ پر اسٹیٹ لاؤنج کا افتتاح کررہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف کو پاکستان آسان خدمت مرکز کے افتتاح پر بریفنگ دی جارہی ہے

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ

ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد نمبر 26 (شمارہ نمبر 03) 19 تا 25 جنوری 2026ء فون-0307-0610770 E-MAIL:info@tigaratnews.tv

پاکستان میں نئے کرنسی نوٹوں کی چھپائی کا فیصلہ

حکومت نے کرنسی نوٹوں کو عالمی سیکیورٹی معیار کے مطابق ڈھالنے کے لیے 100 سے 5 ہزار روپے تک کے نئے کرنسی نوٹوں کی چھپائی کا باقاعدہ فیصلہ کرلیا تاہم اس کے اثرات عوام پر پڑیں گے۔ وفاقی حکومت کی جانب سے پاکستان میں 100 سے لے کر 5000 روپے تک کے نئے کرنسی نوٹوں کی چھپائی کا فیصلہ ہوگیا ہے، جو محض ایک ڈیزائن کی تبدیلی نہیں بلکہ ایک بڑا معاشی قدم ہے جس کے اثرات ہر شہری کی جیب پر پڑیں گے تاہم مقصد یہ بتایا گیا ہے کہ پاکستانی کرنسی کو عالمی سیکیورٹی معیار کے مطابق ڈھالنا ہے۔ نئے کرنسی نوٹوں میں پاکستان کی تاریخ، جغرافیائی خوبصورتی اور خواتین کی ترقی جیسے اہم موضوعات کو ڈیزائن کا حصہ بنایا جائے گا تاکہ یہ نوٹ عالمی سطح پر ملک کا ایک روشن چہرہ پیش کرسکیں۔ وفاقی حکومت کے اس فیصلے کے پیچھے کئی ٹھوس وجوہات ہیں، سب سے بڑی وجہ جعلی نوٹوں کے پھیلتے ہوئے نیٹ ورک کو توڑنا، جو معیشت کے لیے ایک کینسر بن چکا ہے، نئے اور پیچیدہ سیکیورٹی فیچرز کی بدولت اب عام آدمی کے لیے اصلی اور نقلی نوٹ کی پہچان کرنا انتہائی آسان ہو جائے گا۔ اسی طرح پرانے نوٹوں کی جگہ نئے نوٹ لانے سے مارکیٹ میں سرکولیٹ کرنے والا وہ پیسہ بھی بینکنگ سسٹم میں واپس آئے گا جو اس وقت دستاویزی معیشت کا حصہ نہیں ہے۔ نئے کرنسی نوٹوں کی سرکولیشن 'بلیک منی' کے خلاف ایک مؤثر ہتھیار ثابت ہوسکتا ہے کیونکہ لوگ اپنے پرانے نوٹ بدلوانے بینکوں کا رخ کریں گے، تو معیشت میں موجود غیر قانونی رقم کا سراغ لگانا آسان ہوجائے گا، اس سے ٹیکس نیٹ میں اضافہ ہوگا اور افراطِ زر کنٹرول کرنے میں مدد ملے گی۔ دوسری جانب اس کے کچھ چیلنجز بھی ہیں، نئے نوٹوں کی چھپائی اور پرانوں کی واپسی ایک مہنگا اور طویل عمل ہے اور اس دوران بینکوں پر غیر معمولی بوجھ پڑتا ہے اور عوام میں وقتی طور پر بے یقینی کی صورت حال پیدا ہوسکتی ہے۔ تاریخ میں اس طرح کے اقدامات کے مثبت نتائج کی بہترین مثال یورپی یونین اور برطانیہ میں ملتی ہے، برطانیہ نے حال ہی میں جب اپنے کاغذ کے نوٹوں کو 'پولیمر' یا پلاسٹک نما مواد سے تبدیل کیا تو اس کے دو بڑے فائدے سامنے آئے۔ اول یہ کہ ان نوٹوں کی زندگی روایتی نوٹوں سے کئی گنا زیادہ ہے، جس سے بار بار چھپائی کے اخراجات کم ہوگئے، دوسرا یہ کہ ان میں ایسے سیکیورٹی فیچرز شامل کیے گئے جنہیں کاپی کرنا تقریباً ناممکن ہے، جس سے برطانیہ میں جعلی کرنسی کی شرح میں واضح کمی آئی۔ اسی طرح یورپی یونین نے جب اپنے 500 یورو کے نوٹ کو ختم کیا، تو اس کا مقصد دہشت گردوں کی مالی معاونت اور منی لانڈرنگ کو روکنا تھا، جس میں انہیں بڑی حد تک کامیابی ملی۔ پاکستان کا یہ فیصلہ بھی اسی عالمی رجحان کا حصہ ہے، اگر حکومت اس عمل کو شفافیت اور بہتر حکمت عملی سے مکمل کرتی ہے، تو یہ معاشی استحکام کی طرف ایک سنگ میل ثابت ہوسکتا ہے، اب دیکھنا یہ ہے کہ 2026 کے اختتام تک جب یہ نوٹ مارکیٹ میں آئیں گے تو یہ عوام کے اعتماد پر کس حد تک پورا اترتے ہیں۔

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	281.55 PKR	281.65 PKR
Euro	EUR	326.15 PKR	329.65 PKR
British Pound	GBP	372.50 PKR	376.00 PKR
UAE Dirham	AED	76.60 PKR	77.35 PKR
Saudi Riyal	SAR	74.95 PKR	75.55 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	911.00 PKR	921.00 PKR
Canadian Dollar	CAD	199.00 PKR	204.00 PKR
Australian Dollar	AUD	186.00 PKR	
Qatari Riyal	QAR	76.55 PKR	77.25 PKR
Bahrain Dinar	BHD	744.50 PKR	754.25 PKR
Omani Riyal	OMR	729.25 PKR	739.25 PKR
Japanese Yen	JPY	1.78 PKR	1.88 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	66.50 PKR	67.10 PKR
Qatari Riyal	QAR	76.55 PKR	77.25 PKR
Bahrain Dinar	BHD	744.50 PKR	754.25 PKR
Chinese Yuan	CNY	39.25 PKR	39.65 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	35.85 PKR	36.10 PKR
Danish Krone	DKK	43.15 PKR	43.55 PKR
New Zealand Dollar	NZD	156.15 PKR	158.15 PKR
Singapore Dollar	SGD	215.15 PKR	220.15 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.30 PKR	27.60 PKR
Swedish Krona	SEK	29.10 PKR	29.40 PKR
Swiss Franc	CHF	346.10 PKR	348.85 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 443,500	Rs. 380,240
22k	Rs. 406,541	Rs. 348,551
21k	Rs. 388,065	Rs. 332,711
20k	Rs. 369,681	Rs. 316,949
18k	Rs. 332,627	Rs. 285,180
14k	Rs. 258,719	Rs. 221,815
12k	Rs. 258,719	Rs. 190,120

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Karachi	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Lahore	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Islamabad	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Rawalpindi	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Peshawar	Rs. 4,830	Rs. 5,628
Quetta	Rs. 4,830	Rs. 5,628

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 194 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 194 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 265.45 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 284.44 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 159.76 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 176.91 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	SSGC 39.47 ^ 3.59 BOP 33.96 ^ 0.63 KEL 5.55 ^ 0.04 PPL 210.52 ^ 5.1 HUMNL
KSE ALL SHARE	SSGC 39.47 ^ 3.59 BOP 33.96 ^ 0.63 WTL 1.82 v -0.04 KEL 5.55 ^ 0.04 PPL 210.52
KSE 30	No Data Found.
KMI30	No Data Found.
ALL SHARE ISLAMIC	SSGC 39.47 ^ 3.59 KEL 5.55 ^ 0.04 PPL 210.52 ^ 5.1 PAEL 53.09 ^ 0.91 PIBTL
BATI	BOP 33.96 ^ 0.63 NBP 215.17 v -1.23 HBL 309.01 ^ 3.05 MEBL 444.86 ^ 4.07 BAFL
OGTI	PPL 210.52 ^ 5.1 OGDC 265.21 ^ 4.93 MARI 704.44 v -1.93

امریکا: ریٹائرمنٹ ہوم میں گھسنے کی کوشش، بکری گرفتار

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں ریٹائرمنٹ فیسلٹی میں گھسنے والی ایک بکری کو پولیس ہومز پہنچ کر اس بکری کو ڈھونڈا جو عمارت میں داخل ہونے کی کوشش کر رہی تھی۔ پوسٹ میں مزید بتایا کہ

نے گرفتار کرلیا۔ امریکی ریاست واشنگٹن کے شہر آبرن کی پولیس کو ایک ریٹائرمنٹ ہوم سے ایک بکری کے عمارت میں گھسنے کی کوشش سے متعلق شکایت موصول ہوئی۔ آبرن پولیس ڈیپارٹمنٹ نے سوشل میڈیا پوسٹ میں بتایا کہ افسران نے وہاں افسران کے بکری کو بحفاظت حراست میں لینے کے بعد بکری کے مالک کا دوست اس کو لینے آ پہنچا۔ روبی نامی بکری نے گھر جانے سے قبل پولیس افسران کے ساتھ تصویر بھی بنوائی۔ پولیس کا کہنا تھا کہ بکری کی معصومیت کی وجہ اس کے خلاف تمام الزامات کو ختم کردیا گیا۔

امریکا: مشہور نیوز اینکر کی رنگ برنگی جرابوں کا انوکھا کلیکشن

شکاگو (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں ایک ریٹائرڈ نیوز اینکر نے کثیر تعداد میں رنگ برنگی جوڑیوں میں سے کچھ پر ان کا چہرہ بھی بنا ہوتا تھا۔ گینیز ورلڈ ریکارڈز نے ان کے مجموعے کی

جرابیں جمع کرنے کا گینیز ورلڈ ریکارڈ قائم کردیا۔ سی بی ایس فلیڈیلفیا کے ریٹائرڈ نیوز اینکر جم ڈونوون نے بتایا کہ دوران ملازمت ان کی رنگ برنگی جرابوں کو ناظرین نے دیکھا اور ان کے مداحوں نے ان کے لیے نئی جوڑیاں بھیجنا شروع کر دیں۔ ان تصدیق کی جس میں 1531 منفرد جوڑیاں شامل ہیں۔ انہوں نے گینیز ورلڈ ریکارڈز سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ بہت سے لوگوں نے ان کو کئی برسوں تک ان کا چہرہ چھپی جرابوں کی جوڑیاں بھیجیں۔

یوٹیوب پر 140 برس طویل ویڈیو کا معمہ، چونکا دینے والی حقیقت سامنے آگئی

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) بھی سوچا ہے کہ یوٹیوب پر ایسی ویڈیو نظر آئے جسے مکمل دیکھنے کے

بات یہ ہے کہ ویڈیو کے اندر بظاہر کچھ بھی موجود نہیں۔ نہ کوئی تصویر، نہ آواز اور نہ ہی کوئی کہانی۔ لیے ایک نہیں بلکہ کئی نسلوں کی ضرورت پڑجائے؟ لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) حال ہی میں یوٹیوب پر سامنے آنے والی ایک عجیب وغریب ویڈیو نے کچھ ایسا ہی منظر پیدا کردیا ہے، جس نے دنیا بھر کے صارفین کو حیرت اور تجسس میں مبتلا کر دیا۔ یہ ویڈیو یوٹیوب کے ایک چینل @shinywr سے اپ لوڈ کی گئی، جس کا دورانیہ پلیٹ فارم پر 1,234,567 گھنٹے 30 منٹ دکھایا گیا، یعنی تقریباً 140 سال۔ اس غیر معمولی مدت نے دیکھنے والوں کو چونکا دیا، کیونکہ اگر کوئی شخص آج یہ ویڈیو دیکھنا شروع کرے تو وہ اسے سال 2166 سے پہلے مکمل نہیں کرسکے گا۔ یہی انوکھا ہندسہ اس ویڈیو کے وائرل ہونے کی سب سے بڑی وجہ بن گیا۔ یونیلیڈ ٹیک کی رپورٹ کے مطابق، حیران کن صرف ایک سیاہ اسکرین اور سوالیہ نشان کا آئیکن اس ویڈیو کی پہچان ہے۔ جب صارفین چینل کے ہوم پیج پر اس ویڈیو کو دیکھتے ہیں تو دورانیہ تقریباً 140 سال دکھائی دیتا ہے، اور دلچسپ امر یہ ہے کہ یہ وقت آہستہ آہستہ بڑھتا ہوا بھی محسوس ہوتا ہے، جیسے یوٹیوب کا نظام خود اس عدد کو آگے بڑھا رہا ہو۔ اسی وجہ سے کئی افراد نے اسے یوٹیوب کی تاریخ کی سب سے طویل ویڈیو قرار دینا شروع کردیا۔ تاہم جیسے ہی صارفین ویڈیو پر کلک کرتے ہیں، اصل حقیقت سامنے آجاتی ہے۔ ڈیگرٹو اور لیٹسٹلی کی رپورٹس کے مطابق، ویڈیو چلنے پر اس کی ٹائم لائن صرف 12 گھنٹے، 34 منٹ اور 56 سیکنڈ تک محدود رہتی ہے، جس کے بعد ویڈیو اچانک ختم ہوجاتی ہے۔

طاعون سے مرنے والے ہزاروں افراد کی اجتماعی قبر دریافت

برلن (مانیٹرنگ ڈیسک) محققین نے جرمنی میں موجود ایک قرونِ وسطیٰ کے گاؤں میں اپنی

نوعیت کی پہلی اجتماعی قبر دریافت کی گئی ہے جس میں طاعون (بلیک ڈیتھ) سے مرنے والے ہزاروں افراد سے متعلق شواہد سامنے آئے ہیں۔ اس دریافت سے یورپ میں طاعون سے ہونے والی اموات سے متعلقہ مدفن کی پہلی بار نشان دہی کی گئی ہے۔ 1346 سے 1353 کے درمیان پھیلنے والی بلیک ڈیتھ نامی وبا یورپ کی تقریباً نصف آبادی کی موت واقع ہوئی تھی۔ تحریری ریکارڈز میں اس بات کی جانب اشارہ کیا گیا تھا کہ ارفرٹ شہر کے باہر بڑے بڑے گڑھوں میں 12 ہزار کے قریب افراد دفن کیے گئے تھے۔ تاہم، ان جگہوں کی نشان دہی نہیں کی جاسکتی تھی۔ اب ایک انٹرڈسپلنری ریسرچ ٹیم نے تاریخی ذرائع، زمینی پیمائشوں اور سیڈیمنٹ کور کا معائنہ کیا تاکہ 14ویں صدی کے تحریری ریکارڈز میں بیان کیے گئے طاعون کے گڑھوں جیسے مدفن کی شناخت کی جاسکے۔ لیپزگ یونیورسٹی کے جغرافیہ دان مائیکل ہائن کا کہنا تھا کہ مطالعے کے نتائج اس بات کی مضبوط شہادت دیتے ہیں کہ ماہرین نے ایرفرٹ کرونکلز میں بیان کیے گئے طاعون کی اجتماعی قبروں میں سے ایک کی نشاندہی کرلی ہے۔

انٹارکٹیکا کی برف کے نیچے کیا ہے؟ سائنس دانوں نے پتہ لگالیا

انٹارکٹیکا (مانیٹرنگ ڈیسک) انٹارکٹیکا کی سرزمین برف کے نیچے کیا پوشیدہ ہے سائنس پیش کی ہیں جس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ انٹارکٹیکا میں جمی برف سائنس دانوں کے

دانوں نے بالآخر اس کا پتہ لگا لیا۔ ماہرین نے برف سے ڈھکے خطے سے متعلق ایسی تفصیلات لیے اس کی سرزمین میں چھپے حقائق کو جاننا مشکل بناتی ہے۔

آئی فون 18 سے متعلق اہم معلومات لیک!

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیکنالوجی کمپنی ایپل کی فلیگ شپ ڈیوائس آئی فون کے 18 ویں ایڈیشن بتائے گئے جن کے مطابق ڈیوائس کو 6.3 انچ اور 6.9 انچ کا ڈسپلے سائز میں پیش کیا جائے گا جبکہ اس



سے متعلق مزید تفصیلات لیک کردی گئیں۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر موجود ایک اکاؤنٹ ایپل حب نے ایک پوسٹ میں تصویر شیئر کی جس میں آئی فون 18 سے متعلق تفصیلات بتائی گئی ہیں۔ تفصیلات میں آئی فون میں متوقع چار فیچر میں ڈائنامک آئی لینڈ بھی موجود نہیں ہوگا۔ تازہ ترین لیک میں بتایا گیا کہ اس ڈیوائس میں فرنٹ کیمرا اوپر کی جانب بائیں کونے میں ہوگا اور یہ فون انڈر ڈسپلے فیس آئی ڈی کے ساتھ متعارف کرایا جائے گا۔

انڈونیشیا میں مسافر بردار طیارہ گر کر تباہ؛ تمام افراد ہلاک

جکارتہ (مانیٹرنگ ڈیسک) انڈونیشیا میں ایک مسافر بردار طیارہ گر کر تباہ ہوگیا جس میں سوار تمام 11 افراد موقع پر ہی ہلاک ہوگئے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ڈومیسٹک پرواز کے لیے استعمال ہونے والے چھوٹے طیارے ATR 42-500 نے انڈونیشیا ایئر ٹرانسپورٹ سے اُڑان بھری تھی۔ یہ طیارہ یوگیا کارتا شہر سے جنوبی سولاویسی کی طرف روانہ ہوا تھا اور کچھ ہی دیر بعد کنٹرول روم سے رابطہ اچانک منقطع ہوگیا تھا۔ جہاز سے رابطہ اُس وقت منقطع ہوا جب وہ ماروس ضلع کے لیانگ نامی پہاڑی علاقے کے قریب تھا اور موسم بھی ٹھیک نہیں تھا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق طیارہ اپروچ (لینڈنگ کے قریب) کے دوران ایئر ٹریفک کنٹرول کی ہدایات پر نہیں تھا اور اسی دوران رابطہ ختم ہوگیا۔ سرچ اور ریسکیو ٹیموں نے فوری طور پر ہیلی کاپٹرز، ڈرونز اور زمینی افواج کے ساتھ سرچ آپریشن کا آغاز کیا۔ جس کے دوران بعض مقامات پر ملبہ اور چھوٹی آگ کے آثار بھی دیکھے گئے۔ پہاڑی اور دشوار گزار راستہ ہونے کے باعث امدادی کاموں میں دشواری کا سامنا رہا۔ اس طیارے میں عملے کے 8 ارکان اور 3 مسافر سوار تھے۔ جو افسوسناک حادثے میں موقع پر ہی ہلاک ہوگئے۔ یہ طیارہ انڈونیشیا ایئر ٹرانسپورٹ (IAT) کے بیڑے کا حصہ تھا جسے سمندری نگرانی مشن کے لیے بھی استعمال کیا جارہا تھا۔

فحش ڈیپ فیک تصاویر؛ ایلون مسک کے بچے کی والدہ کا گروک کیخلاف مقدمہ

کیلیفورنیا (مانیٹرنگ ڈیسک) ایلون مسک کے ایک بچے کی والدہ ایشلی سینٹ کلیئر نے ان ہی کی مصنوعی ذہانت کی کمپنی ایکس اے آئی کے خلاف مقدمہ دائر کردیا۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق مقدمے میں الزام لگایا گیا ہے کہ کمپنی کے چیٹ بوٹ گروک کے ذریعے ان کی رضامندی کے بغیر فحش ڈیپ فیک تصاویر تیار کی گئیں۔ ایشلی سینٹ کلیئر نے مقدمے میں مؤقف اختیار کیا ہے کہ ان ڈیپ فیک تصاویر کے باعث انہیں شدید ذہنی اذیت، ہتکِ عزت اور نفسیاتی دباؤ کا سامنا کرنا پڑا۔ یہ مقدمہ ایسے وقت میں دائر کیا گیا ہے جب کیلیفورنیا کے اٹارنی جنرل راب بونتا نے بھی ایلون مسک کی کمپنی کو سیز اینڈ ڈسسٹ نوٹس جاری کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ گروک کے ذریعے غیر رضامندی پر مبنی جنسی نوعیت کی تصاویر کی تیاری اور ترسیل فوری طور پر روکی جائے۔

کینیڈا میں سونے کی سب سے بڑی اور تاریخی ڈکیتی میں بھارتی شہری ملوث

کینیڈا (مانیٹرنگ ڈیسک) کینیڈا کی تاریخ کی سب سے بڑی سونے کی ڈکیتی کے مقدمے میں ازاں معلوم ہوا کہ یہ دستاویز جعلی تھی۔ اس فلمی انداز میں کی گئی چوری میں 400 کلوگرام سونا اور 25 لاکھ

کینیڈین ڈالر مالیت کی غیر ملکی کرنسی پر ہاتھ صاف کیا گیا تھا۔ تحقیقات کے دوران پیل ریجنل پولیس نے ارسلان چوہدری نامی ملزم کو دبئی سے ٹورنٹو آمد پر گرفتار کیا گیا۔ اس پر 5 ہزار ڈالر سے زائد کی چوری، جرائم سے حاصل شدہ جائیداد رکھنے اور سنگین جرم کی سازش کے الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ تاہم گرفتاری کے باوجود تا حال کوئی بڑی رقم یا سونا برآمد نہیں ہوسکا تھا۔

پولیس نے ایک اہم پیش رفت کرتے ہوئے ایک ملزم گرفتار کرلیا جبکہ مرکزی ملزم کے بھارتی پنجاب میں موجود ہونے کا انکشاف ہوا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے بی بی سی کے مطابق یہ واردات 17 اپریل 2023 کو ٹورنٹو کے پیئرسن ایئرپورٹ کے کارگو سیکشن میں پیش آئی تھی۔ چوروں نے جعلی ایئر وے بل دکھا کر ٹرک سمیت کارگو ایریا میں داخل ہوکر سونا اور کرنسی لاد کر ایئرپورٹ سے فرار ہوگیا۔ بعد

پاکستان میں مذہب، ریاست اور اخلاقیات کیخلاف چلنے والے لاکھوں آن لائن پلیٹ فارمز بلاک

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں مذہب، ریاست اور اخلاقیات کیخلاف ڈیجیٹل مواد پھیلانے پر 10 لاکھ سے زائد ویب لنکس اور یو آر ایل بلاک کردیے گئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق فیس بک اور ٹک ٹاک پر غیر قانونی اور نامناسب مواد شیئر کرنے پر سب سے زیادہ بلاکنگ کی گئی۔ پی ٹی اے نے فیسبک کے 2 لاکھ 29 ہزار لنکس چیک کرکے ہوئے۔ انسٹاگرام پر 43 ہزار یو آر ایل چیک، فیصد رہا۔ ٹک ٹاک کے ایک لاکھ 74 چیک کیے گئے جبکہا یک لاکھ 63 لنکس بند کیے گئے۔ ٹک ٹاک پر جس میں 94 فیصد مواد بلاک کی جانچ پڑتال کی گئی، 64 ہزار گئے۔ ایکس کے ایک لاکھ 12 گئے اور 70 ہزار آٹھ سو لنکس بلاکنگ ریٹ سب سے کم، صرف جاسکا۔ دیگر مختلف پلیٹ فارمز پر 8 91 ہزار لنکس بلاک کیے گئے۔ توہین پر کسی اور نفرت انگیز مواد کے 14 لاکھ سے بیہودگی اور اخلاقیات کے خلاف مواد سرفہرست بلاک کردیے گئے۔ ریاست اور دفاع پاکستان کے خلاف 1 لاکھ 9 ہزار سے زائد لنکس بند کیے گئے۔ فرقہ وارانہ اور نفرت انگیز مواد پر 76 ہزار لنکس بلاک کیے گئے۔ ہتک عزت اور جعلی شناخت سے متعلق مواد پر بلاکنگ ریٹ سب سے کم رہی۔

رپورٹ کیے، 1 لاکھ 97 ہزار بلاک 38 ہزار بند کیے گئے جبکہ بلاکنگ ریٹ 87 ہزار سے زائد غیر قانونی مواد لنکس ہزار سے زائد لنک ٹاک ویڈیوز کے سب سے سخت کریک ڈاؤن ہوا ہوا۔ یوٹیوب پر 72 ہزار لنکس سے زائد لنکس بلاک کیے ہزار سے زائد لنکس چیک کیے بلاک کیے گئے۔ ایکس پر 62 فیصد مواد بلاک کیا لاکھ 98 ہزار لنکس میں سے 8 لاکھ عدالت، بیہودگی، مذہب کے خلاف، زائد لنکس اور یو آر ایل بند کردیے گئے۔ رہے جس میں 10 لاکھ 61 ہزار سے زائد لنکس 48 ہزار لنکس بلاک کیے گئے۔ مذہب کے خلاف مواد پر 1 لاکھ

بقیہ 1 تجارت نیوز
تھے، قومی اسمبلی کے رکن امین الحق نے اعزازی مہمان کی حیثیت سے خطاب کیا،تقریب میں قومی اسمبلی کی رکن سین غوری، وفاقی اردو یونیورسٹی کے سینیٹ اراکین سعید اللہ والا اور شکیل رحمان سمیت یونیورسٹی کے اعلیٰ حکام، اساتذہ، والدین اور معزز مہمانوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی، جلسہ تقسیم اسناد میں مختلف کلیات اور شعبوں کے 255 طلبہ و طالبات کو ڈگریاں عطا کی گئیں، اس موقع پر 47 طلبہ کو گولڈ میڈل، 24 کو سلور میڈل اور 16 کو برونز میڈل سے نوازا گیا۔

بقیہ 2 تجارت نیوز
کے مطابق پاکستان کی مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) کی شرح نمو کے تخمینے میں 0.1 فیصد کمی کی گئی ہے جس کے بعد موجودہ مالی سال میں معاشی شرح نمو 3 فیصد رہنے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے، اس سے قبل حکومتی سطح پر اقتصادی ترقی کا ہدف 4.2 فیصد مقرر کیا گیا تھا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ مالی سال 2026-27 کے دوران پاکستان کی معاشی شرح نمو 3.4 فیصد تک پہنچ سکتی ہے۔

بقیہ 3 تجارت نیوز
کی گئی۔فریم ورک کے مطابق پاکستان کی مجموعی سرمایہ کاری کو آنے والے برسوں میں نمایاں طور پر بڑھانے کا بنیادی ستون نجی سرمایہ کاری کا فروغ ہے۔ ورلڈ بینک نے نشاندہی کی کہ پاکستان میں پالیسی اور ادارہ جاتی کمزوریاں، ضرورت سے زیادہ سرکاری کنٹرول، غیر موثر سبسڈیز، پیچیدہ ٹیکس، تجارتی رکاوٹیں اور سرکاری اداروں کا غلبہ سرمایہ کاری، پیداوار اور برآمدی مسابقت میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔اعداد وشمار کے مطابق پاکستان میں نجی سرمایہ کاری مجموعی قومی پیداوار کے تقریباً دس فیصد کے ساتھ جمود کا شکار ہے، جب کہ بھارت اور بنگلہ دیش میں یہ شرح بیس سے پچیس فیصد تک ہے۔ اسی طرح برآمدات کا حصہ نوے کی دہائی کے سولہ فیصد سے گھٹ کر آج دس فیصد کے قریب رہ گیا ہے۔

بقیہ 4 تجارت نیوز
کر رہی ہے، جن میں معدنیات کے شعبے کی کمپنیوں کے ساتھ ممکنہ تعاون بھی شامل ہے۔ حکام کے مطابق یہ ریلوے لائن بلوچستان کے معدنیات سے بھرپور علاقوں کے درمیان سے گزرے گی اور انہیں گوادر بندرگاہ سے منسلک کرے گی۔اس منصوبے سے کراچی بندرگاہ پر ٹریفک کے دباؤ میں کمی آئے گی اور ایران کے راستے ترکی اور روس تک ریلوے رابطوں میں بہتری آئے گی۔مزید بتایا گیا کہ حکومت نے باسما سے جیکب آباد ریلوے سیکشن کی فیزیبلٹی اسٹڈی بھی مکمل کر لی ہے جس کی لاگت کا تخمینہ 4.7 ارب ڈالر ہے۔

بقیہ 5 تجارت نیوز
انہوں نے خداداد صلاحیتوں کے ذریعے آئی ٹی کے میدان میں پاکستان کا نام دنیا بھر میں روشن کیا، وہ 2004 میں محض 9 سال کی عمر میں مائیکروسافٹ سرٹیفائیڈ پروفیشنل (ایم سی پی) بن گئیں جبکہ 10 سال کی عمر میں پائلٹ کا لائسنس حاصل کیا، اس بنا پر ارفع کریم کا نام گنیز ورلڈ ریکارڈز میں درج کیا گیا، انہوں نے مختلف بین الاقوامی فورمز اور ٹیک ایڈ ڈویلپرز کانفرنسز میں پاکستان کی نمائندگی کی 2005 میں حکومت نے ارفع کریم کو صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سے نوازا۔

بقیہ 6 تجارت نیوز
نان کسٹم پیڈ انورٹرز کراچی شہر کے مختلف علاقوں میں سپلائی کیے جارہے تھے۔ برآمد کی گئی اشیاء کو گوداموں میں چھپایا گیا تھا، جس کی مالیت کروڑوں روپے میں ہے۔ برآمد شدہ اشیاء کو مزید قانونی کارروائی کے لیے کسٹم حکام کے حوالے کردیا گیا ہے۔

بقیہ 7 تجارت نیوز
ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں موجود تھے۔ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق اس حوالے سے ایف بی آر نے آمدنی ٹیکس رولز 2002 میں ترمیم کے لیے ایس آر او 17(I)/206 جاری کیا ہے۔جس کے مطابق، آزاد جموں وکشمیر یا گلگت بلتستان کے ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل کسی شخص کا نام بھی انکم ٹیکس آرڈیننس کی شق 181A کے تحت ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل کیا جائے گا جبکہ کسی ٹیکس دہندہ کا عارضی یا مستقل پتہ آزاد جموں وکشمیر یا گلگت بلتستان میں درج ہے، تو اس کا نام شق 181A کے تحت ایکٹولسٹ میں شامل کیا جائے گا۔

بقیہ 8 تجارت نیوز
انویسٹمنٹ فیسلیٹیشن کونسل کے تعاون سے تاجر برادری کے نمائندوں کیساتھ اہم مشاورتی اجلاس میں انہوں نے کہا کہ نجی شعبہ کی ترقی کیلئے ایک مستحکم اور شفاف پالیسی فریم ورک فراہم کیا جائے گا، پائیدار معاشی بحالی اور برآمدات پر مبنی ترقی حکومت کی پالیسی کا بنیادی ستون ہیں۔ انہوں نے تاجر برادری کو یقین دلایا کہ ان کیساتھ تعمیری مشاورت کا سلسلہ جاری رہے گا تا کہ معاشی اصلاحات کے ثمرات نچلی سطح تک پہنچ سکیں۔ اجلاس میں تاجر برادری نے کاروباری عمل آسان بنانے میں ایس آئی ایف سی کے فعال کردار کو سراہا، ریگولیٹری عمل میں درپیش چیلنجز پر تحفظات کا اظہار کیا۔اس پر وزیر مملکت نے متعلقہ وزارتوں اور اداروں کو مسائل کے فوری اور موثر حل کیلئے مربوط اقدامات کی ہدایت کی۔ اجلاس میں تمام بڑے چیمبرز، اپٹما، پی بی سی کے صدور اور اعلیٰ حکام نے شریک ہوئے۔

بقیہ 9 تجارت نیوز
میں 130 کھرب روپے سے زائد جمع کیے، جو کہ مجموعی قومی پیداوار کے 11.3 فیصد کے برابر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی ٹیکس وصولی جون 2028 تک جی ڈی پی کے 15 فیصد تک پہنچنے کی راہ پر گامزن ہے۔اس کے برعکس تمام صوبوں کی مجموعی ٹیکس وصولی محض 979 ارب روپے رہی جو کہ جی ڈی پی کا صرف 0.85 فیصد بنتا ہے۔ یہ شرح ان دیگر ممالک کے وفاقی نظاموں کے مقابلے میں بہت کم ہے جہاں صوبوں کا حصہ عام طور پر جی ڈی پی کا تقریباً 3 فیصد ہوتا ہے۔

بقیہ 10 تجارت نیوز
ہے، انہوں نے اپنے 45 سالہ کیریئر میں ملک کے لئے خدمات سرانجام دیں اور پاکستان کا بچہ بچہ ان کو جانتا ہے۔عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ عشرت فاطمہ پاکستان ٹیلی ویژن کی پہچان ہیں، ان سے درخواست کی ہے کہ بطور مینٹور پاکستان ٹیلی ویژن آئیں۔

بقیہ 11 تجارت نیوز
لیے اقدامات کیے جارہے ہیں، کے ڈی اے کی جائیدادوں کی فروخت سے متعلق معاملات کو حتمی شکل دی جارہی ہے تاکہ ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات ادا ہوں، لہٰذا ان حالات میں عدالتی احکامات پر مکمل عملدرآمد نہیں ہوسکا ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیئے کہ کے ڈی اے کے وکیل نے بتایا کہ ان حالات میں عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہیں ہوسکا ہے، درخواست گزار کو ہفتہ وار 10 فیصد واجبات ادا کرسکتے ہیں۔ عدالت نے کے ڈی اے رپورٹ پر عدم اطمینان کا اظہار کر دیا، عدالت نے چیف سیکریٹری سندھ کو ڈی جی کے ڈی اے و دیگر کے خلاف انضباطی کارروائی شروع کرنے کا حکم دیدیا۔ عدالت نے ہدایت کی عدالتی احکامات پر عملدرآمد نہ ہونے کی صورت میں فریقین کے خلاف سخت کارروائی کی جائے۔ عدالت نے توہین عدالت کے مرتکب افسران کو طلب کرلیا۔

بقیہ 12 تجارت نیوز
انڈونیشین پام آئل ایسوسی ایشن (GAPKI) کے درمیان باہمی طور پر مفید تجارتی مواقع کے فروغ کے لیے ایک ایم او یو پر دستخط کیے گئے۔ پی وی ایم اے کے چیئرمین شیخ عمر ریحان نے اس موقع پر کہا کہ انڈونیشیا پاکستان کے لیے پام آئل کا ایک اہم تجارتی شراکت دار ہے اور یہ ایم او یو دونوں ممالک کے درمیان تجارتی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں کلیدی کردار ادا کرے گا۔انہوں نے کہا کہ اس معاہدے سے پام آئل کی مستحکم سپلائی، بہتر تجارتی شرائط اور صنعت کے لیے طویل المدتی استحکام کو فروغ ملے گا، جو براہ راست صارفین اور ملکی معیشت کے مفاد میں ہے۔

بقیہ 13 تجارت نیوز
دھند کی صورتحال بدستور برقرار رہے گی جب کہ 20 سے 23 جنوری کے دوران مری، گلیات اور دیگر پہاڑی علاقوں میں شدید برفباری اور بارش کا امکان ہے۔اسی دوران پنجاب کے بیشتر اضلاع میں بھی بارش متوقع ہے۔ڈی جی پی ڈی ایم اے عرفان علی کاٹھیا کے مطابق ممکنہ خراب موسمی صورتحال کے پیش نظر لوکل گورنمنٹ، محکمہ صحت، ریسکیو 1122، پولیس، فاریسٹ ڈیپارٹمنٹ، سی اینڈ ڈبلیو، ٹورازم اور محکمہ ٹرانسپورٹ کو الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے ہدایت کی ہے کہ ایمرجنسی کنٹرول رومز میں عملے کو 24 گھنٹے الرٹ رکھا جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے بروقت نمٹا جاسکے۔

بقیہ 14 تجارت نیوز
ہوگی۔؟ جنوری 2026 سے نافذ العمل ہونے والا یہ معاہدہ جولائی 2027 تک برقرار رہے گا۔ پاکستانی ایکسپورٹرز کارگو جدہ اور کوالالپور کے ذریعے جکارتہ اور دیگر بین الاقوامی شہروں تک پہنچایا جائے گا۔اس معاہدے کے تحت سڈنی، میلبورن، سنگاپور، ہانگ کانگ اور بینکاک کے لیے بھی کارگو کی سہولت ملے گی۔شنگھائی، گوانگزو، سیول اور آسٹریلیا کی مارکیٹوں تک پاکستانی مصنوعات کی رسائی آسان ہو جائے گی۔ برآمد کنندگان اور مال بردار ایجنٹس کے لیے مسابقتی نرخ اور ترجیحی بنیادوں پر کارگو کی ترسیل یقینی بنائی گئی ہے

بقیہ 15 تجارت نیوز
ہے، منصوبہ کے لیے مختص رقم کے اکاؤنٹ میں صرف 6 ، 188 روپے بقایا پڑے ہیں حالانکہ پراجیکٹ کی تکمیل کے بعد ٹھیکیدار کو تا حال رقم ادا نہیں کی گئی ہے، پراجیکٹ کے 80 لاکھ روپے بقایا ہونا چاہیے تھے اور منصوبہ کرنے والی فرم میسرز قوی انجینئرز پرائیویٹ لمیٹڈ نے اس حوالے سے بیکرٹ حکام سمیت وزارت سائنس میں رجوع کیا ہے اور بقایاجات ادائیگی کا مطالبہ کیا۔

بقیہ 16 تجارت نیوز
جب عالمی بینک نے بھی جمعرات کو پاکستان کو آگاہ کیا کہ ملک میں سرمایہ کاری کی سٹی 20 ارب ڈالر کے کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک (CPF) کے تحت طے شدہ اہداف سے کم ہے۔ اسٹیٹ بینک اور وفاقی حکومت کے ذرائع نے بتایا کہ پاکستان نے یو اے ای سے مجموعی طور پر 2.45 ارب ڈالر کے واجب الادا قرض کی توسیع کی درخواست کی ہے۔ ایک ارب ڈالر جمعے کو میچور ہو گیا جبکہ مزید ایک ارب ڈالر آئندہ ہفتے میچور ہو رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق ادائیگی کا کوئی امکان نہیں تھا کیونکہ یو اے ای کی صدر پہلے ہی توسیع پر رضامند ہو چکے ہیں تاہم یہ واضح نہیں کہ قرض ایک سال کے لیے رول اوور ہوا ہے یا دو سال کے لیے۔ مرکزی بینک کے ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان نے دو سالہ توسیع کے ساتھ شرح سود میں نصف سے زائد کمی کی بھی درخواست کی ہے۔

بقیہ 17 تجارت نیوز
ماہانہ اجرت ایل ایف ایس 2020-21 میں 24,028 روپے سے بڑھ کر ایل ایف ایس 2024-25 میں 39,042 روپے ہوگئی، جو تقریباً 62 فیصد اضافہ ظاہر کرتی ہے۔ تاہم اس اضافہ کے دوران مہنگائی کی شرح میں غیر یقینی صورتحال رہی، جس میں 2021-22 میں 29 فیصد سے زائد کا عروج شامل ہے اور اگلے سالوں میں بھی قیمتیں بلند رہیں جس نے روپے کی حقیقی قوتِ خرید کے حوالے سے خدشات پیدا کر دیے ہیں۔ اعداد وشمار کا قریب سے جائزہ لینے سے ظاہر ہوتا ہے کہ اجرت میں اضافہ شعبوں کے لحاظ سے یکساں نہیں رہا۔ پی بی ایس کے اعداد وشمار کے مطابق رسمی شعبے کی اجرت 2020-21 میں ماہانہ 34,964 روپے سے بڑھ کر 2024-25 میں 54,038 روپے ہوگئی، جو تقریباً 54.5 فیصد اضافہ ہے۔ اس کے برعکس غیر رسمی شعبے کی اجرتیں جو ورک فورس کے زیادہ تر افراد پر مشتمل ہیں اسی عرصے کے دوران ماہانہ 17,529 روپے سے بڑھ کر 30,834 روپے تک پہنچ گئی ہیں۔ ادارہ شماریات نے دعویٰ کیا ہے کہ معیاری شماریاتی ضوابط کی مکمل پاسداری کی گئی ہے تاہم اس نے 5 فیصد مارجن آف ایرر (غلطی کے امکان) کا اعتراف بھی کیا ہے، یہ ایک ایسا مارجن ہے جس کا زیادہ اطلاق غیر رسمی شعبے پر ہوتا ہے کیونکہ اس میں سروے کرنے والوں اور جن کا سروے کیا گیا ان کے رویوں سے جڑے تعصبات کا عمل دخل ہوتا ہے۔

بقیہ 18 تجارت نیوز
کی اسی مدت میں فروخت 20491 یونٹس سے 73 فیصد زائد ہے، 1000 سی سی کے 2521 یونٹس فروخت ہوئے، جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں فروخت 2289 یونٹس سے 10 فیصد زیادہ ہے، 1000 سی سی سے کم پاور کے 27840 یونٹس فروخت ہوئے جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں فروخت 23618 یونٹس سے 18 فیصد زائد ہے۔ ادھر پاکستان آٹو موٹیو مینوفیکچرز ایسوسی ایشن کے اعداد وشمار کے مطابق پہلی ششماہی کے دوران ملک میں ٹریکٹرز کے 12920 یونٹس فروخت ہوئے۔

بقیہ 19 تجارت نیوز
والے تارکین وطن امریکی عوام کے وسائل پر بوجھ نہیں بنیں گے اور قومی معیشت میں مثبت کردار ادا کرینگے، نجی ٹی وی کے مطابق فراڈ، جانچ پڑتال، حکومت پر بوجھ بننے کے خدشات کی وجہ سے یہ فیصلہ کیا گیا ہے ، دیگر ممالک کی فہرست میں افغانستان، البانیہ، الجزائر، انٹیگوا، باربوڈا، آرمینیا، آذربائیجان، بہاماس، بنگلادیش، بارباڈوس بیلاروس، ب بلیز ، بھوٹان ، بوسنیا، برازیل، برما، کمبوڈیا ، کیمرون، کیپ وردے، کولمبیا، کیوبا، جمہوریہ کانگو، ڈومینیکا، مصر، اریٹریا، ایتھوپیا، فجی، گیمبیا، جارجیا، گھانا، گریناڈا، گوئٹے مالا، گنی، ہیٹی، ایران، عراق، جمیکا، اردن، قازقستان، کوسوو، کویت کرغزستان لاؤس، لبنان، لائبیریا، لیبیا، مقدونیہ، مالدووا، منگولیا، مونٹی نیگرو، مراکش، نیپال، نائیجیریا، نکاراگوا، کانگو، روس، روانڈا، سینٹ کٹس اینڈ نیوس، سینٹ لوسیا، سینٹ ونسنٹ اینڈ دی اینڈ اینڈوی گریناڈیز، سینیگال، سیرالیون، صومالیہ، سوڈان، شام ، تنزانیہ ، تھائی لینڈ ، ٹوگو ، تیونس، یوگنڈا، یوراگوئے، ازبکستان، یمن شامل ہیں۔

بقیہ 20 تجارت نیوز
سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی جس میں ٹھیلے والے کو ٹریفک پولیس افسر کو مارپیٹ کرتے دیکھا جا سکتا ہے۔ لنا ہے، ٹھیلے والے کی جانب سے دھکے دیے جانے سے پولیس افسر زمین پر بھی گر گیا اس دوران دیگر پتھارے والے اور ٹریفک پولیس کے اہلکار بیچ بچاؤ کرواتے رہے، دوسری جانب تھانہ صدر پولیس نے واقعے کا مقدمہ درج کر کے ملوث ملزم عبدالقادر کو گرفتار کر لیا جبکہ فرار ساتھی کی تلاش جاری ہے، صدر کے علاقے میں جگہ جگہ ٹھیلوں کی بھرمار کے باعث اکثر اوقات ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر رہتی ہے۔

بقیہ 21 تجارت نیوز
یہ اعزازات خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز نے اعضا عطیہ کرنے والے 200 سعودی شہریوں کو کنگ عبدالعزیز میڈل دینے کی منظوری دیدی۔ جس کا مقصد انسانی ہمدردی کے جذبے کو خراج تحسین پیش کرنے اور ایک قیمتی انسانی جان بچانے کے جذبے کو سراہنا ہے تاکہ معاشرے میں ایثار اور فلاحی اقدار کو فروغ ملے۔

بقیہ 22 تجارت نیوز
پیدا کرتا ہے۔اس کا تنا بہت بڑا اور گھنا ہے جس کا محیط تقریباً 12.5 میٹر (41 فٹ) اور قطر قریب 4.6 میٹر ہے۔ 1997 میں اسے قدرتی یادگار کا درجہ دیا گیا اور قریب ہی زیتون میوزیم بھی قائم کیا گیا۔ یہ درخت نہ صرف اپنی غیر معمولی قدیم عمر کی وجہ سے مشہور ہے بلکہ اس کی شاخوں کو کئی تاریخی مواقع، جیسے اولمپکس کی رسومات میں بھی استعمال کیا گیا ہے۔

بقیہ 23 تجارت نیوز
پر بلاول بھٹو زرداری اور پیپلز پارٹی کا موقف واضح ہے، پی پی نے ٹکاری کو ہمیشہ سنجیدگی سے لیا ہے۔

بقیہ 24 تجارت نیوز
سے شوقیہ مچھلی اور پرندوں کے شکار پر جانیوالے افراد کی کشتی حادثاتی طور پر الٹ گئی، پاکستان میری ٹائم سکیورٹی ایجنسی کے مطابق واقعے کی اطلاع ملنے پر فوری طور پر سرچ اینڈ ریسکیو آپریشن شروع کر دیا گیا، تلاش و بچاؤ آپریشن کے دوران کشتی پر سوار 8 افراد میں سے 6 کو بچالیا گیا، حادثے کی وجہ سے ڈوبنے والے 2 افراد میں سے ایک کی لاش نکالی گئی، جبکہ واحد بخش تاحال لاپتہ ہے ایم ایس اے حکام کے مطابق لاپتہ فرد کی تلاش جاری ہے۔ کوسٹل میڈیا سینٹر کے ترجمان کمال شاہ کے مطابق ڈوبنے والے 5 افراد کا تعلق کراچی کے مضافاتی علاقے سے ہے، جبکہ 3 کا کیٹی بندر ہے، مذکورہ افراد گھر پھاٹک سے پرندوں کے شوقیہ شکار پر روانہ ہوئے، اس دوران انھیں حادثہ پیش آیا۔

بقیہ 25 تجارت نیوز
پر منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی سیکریٹری برائے سمندر پار پاکستانی و انسانی وسائل ندیم اسلم چوہدری، قائم مقام صدر کاٹی زاہد حمید، ایکٹنگ پیٹرن ان چیف زبیر چھایا، سابق صدر مسعود نقی، چیئرمین ای او بی آئی جاوید اے شیخ، نائب صدر طلحہ علی ، رزاق ہاشم پراچہ، احتشام الدین، اور دیگر بھی موجود تھے۔ وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے کہا کہ ای او بی آئی کے حوالے سے ابتدائی بریفنگ میں واضح ہوا ہے کہ یہ ادارہ خود کفیل بن سکتا ہے کیونکہ اس کے پاس بڑے فنڈز موجود ہیں۔

بقیہ 26 تجارت نیوز
پوریشن احمد علی صدیقی اور سی او او انجینئر اسد اللہ خان نے پری پائپ لائن کو کراچی کے سب سے اہم آبی انفرا اسٹرکچر منصوبوں میں سے ایک قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس کی تکمیل شہر کے پانی کی ترسیلی نظام کو نمایاں طور پر مضبوط کرے گی انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ پانی کی فراہمی میں واضح بہتری لائے گا اور شہریوں کے لیے مستحکم اور طویل المدتی پانی کی رسائی کو یقینی بنانے میں مددگار ثابت ہوگا، حکام نے اس منصوبے کو شہری سہولیات کو مضبوط بنانے اور بنیادی شہری خدمات کو بہتر کرنے کی ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔

بقیہ 27 تجارت نیوز
مکمل کیے جائیں۔ اجلاس میں وزیرِ خزانہ، مشیر خصوصی برائے امورِ اقتصادیات طارق باجوا، سندھ کے وزیر برائے منصوبہ بندی وترقی وآبپاشی، کابینہ، صحت، مواصلات اور منصوبہ بندی کے سیکریٹریز اور متعلقہ وزارتوں کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔

بقیہ 28 تجارت نیوز
عصری تقاضوں کے حوالے سے ڈیزائن کیا جارہا ہے اور اس حوالے سے بین الاقوامی ماہرین کی خدمات حاصل کی گئی ہیں۔ ایک سو، 5 سو، ایک ہزار اور 5 ہزار روپے کے نئے ڈیزائن کے بینک نوٹ متعارف کروائے جائیں گے۔ نئے کرنسی نوٹوں میں زیادہ بہتر سیکیورٹی فیچر استعمال کیا جائیگا۔ میں پاکستان کی علاقائی اور جغرافیائی تنوع اور تاریخی یادگاروں کو جگہ دی گئی ہے جبکہ خواتین کی قومی تر شمولیت اور ماحولیاتی تبدیلی جیسے اہم معاشرتی موضوعات کو بھی ڈیزائن کا حصہ بنایا جائے گا۔ و نوٹوں کے نئے ڈیزائن پر غور وخوض کیلئے ٹی فورسز دہشتگردی کے خاتمے کابینہ کمیٹی تشکیل دیدی۔

بقیہ 29 تجارت نیوز
پوائنٹس کی سطح پر بند ہوا۔ دریں اثنا بین الاقوامی بلین مارکیٹ میں 3 روزہ وقفے کے بعد فی اونس سونے کی قیمت 37 ڈالر کی کمی سے 4 ہزار 601 ڈالر کی سطح پر آنے کے باعث مقامی صرافہ مارکیٹوں میں بھی جمعرات کو 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت 3 ہزار 700 روپے کی کمی سے 4 لاکھ 82 ہزار 462 روپے کی سطح پر آگئی اور فی دس گرام سونے کی قیمت بھی 3 ہزار 172 روپے کی کمی سے 4 لاکھ 13 ہزار 633 روپے کی سطح پر آگئی۔ علاوہ ازیں انٹربینک مارکیٹ میں جمعرات کو 80 ویں دن بھی ڈالر کی نسبت روپیہ تگڑا رہا، کاروبار کے اختتام پر انٹر بینک میں ڈالر کی قدر ایک پیسے کی کمی سے 279 روپے 96 پیسے کی سطح پر بند ہوئی تاہم اسکے بر عکس اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر کی قدر بغیر کسی تبدیلی کے 281 روپے روپے کی سطح پر مستحکم رہی۔

بقیہ 30 تجارت نیوز
ملا جس پر واحد ترجیح پاکستان کے طویل المدتی مفادات کو بنایا گیا۔ وفاقی وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا یہ سچ ہے کہ کچھ فرمز ملک سے جارہی ہیں اور ہمیں تسلیم کرنا چاہئے کہ ٹیکس زیادہ ہے یا انرجی قیمت زیادہ ہے ، یہ حقیقی مسائل ہیں ، معاشی اصلاحات سے ہی ترقی ممکن ہے، ڈیوٹیز بڑھانا ہمارے لئے نقصان دہ ہے، ڈیوٹیز کو معقول بنانا اور کاروباری لاگت کم کرنا ہوگی۔ ٹیکسوں اور بجلی کی لاگت میں کمی کیلئے نئے بزنس ماڈلز پر غور کرنا ہوگا۔ پاکستان کو 2047 تک 3 ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کیلئے آبادی پر قابو پانا ہوگا، کیونکہ 2.55 فیصد سالانہ آبادی کے اضافے کے ساتھ پائیدار ترقی ممکن نہیں، رواں سال ترسیلات زر 41 ارب ڈالر تک پہنچنے کی توقع ہے، جون تک تمام حکومتی ادائیگیاں ڈیجیٹل چینلز پر منتقل ہو جائیں گی، نجی شعبے کو آگے آکر معیشت میں کردار ادا کرنا ہوگا۔ ٹیرف شعبے میں بڑی اصلاحات متعارف کرائی ہیں۔ شرح سود میں کمی سے ڈیٹ مینجمنٹ آفس کی ضرورت ختم ہوجائیگی، تاہم قرضوں پر سود کی ادائیگی بدستور حکومت کا سب سے بڑا خرچ ہے۔ گزشتہ سال قرضوں پر سود کی مد میں 850 ارب روپے کی بچت ہوئی، رواں سال بھی اتنی ہی بچت متوقع ہے۔ سرکاری اداروں میں ہر سال تقریباً ایک ہزار ارب روپے ضائع ہورہے ہیں۔ آئندہ ہفتوں میں چین کی مارکیٹ میں پاکستان اپنا پہلا پانڈا بانڈ جاری کر رہا ہے۔ وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا پاکستان ایٹمی قوت ہونے کے ساتھ ساتھ آج دنیا بھر میں جے ایف 17 - طیارے بھی فروخت کررہا ہے جبکہ ٹریکٹر سازی، آٹو موبائل اور انجینئرنگ کے شعبوں میں بھی نمایاں ترقی دیکھنے میں آئی ہے، تاہم عالمی سطح پر مقابلہ کرنے کے لیے ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ پاکستان میں عدم استحکام اور بار بار حکومتی تبدیلیوں نے ترقی کے عمل کو متاثر کیا۔ مشیر نجکاری محمد علی نے کہا حکومت معاشی اصلاحات کیلئے پرعزم ہے۔ صلاحیتوں کی کمی نہیں، عوام اور سرمائے کو متحرک کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 35 تجارت نیوز
کے لیے سنگین خطرات پیدا کر چکی ہے۔ ذرائع سے

بقیہ 31 تجارت نیوز
کے لیے جامع قانونی فریم ورک فراہم کرتا ہے۔ حکومتی ذرائع کے مطابق پاکستان میں اہم کرپٹو ایکسچینجز کے لیے عبوری لائسنس جاری کیے جاچکے ہیں جبکہ کرپٹو مائننگ، ٹوکنائزیشن اور فن ٹیک کے مختلف پائلٹ منصوبوں کا بھی آغاز کردیا گیا ہے۔ جو ڈیجیٹل فنانس کے شعبے میں جدت اور سرمایہ کاری کو فروغ دیں گے۔ کرپٹو کونسل، اتھارٹی

بقیہ 32 تجارت نیوز
رسمی انداز میں ہوتی ہے۔ بی بی سی کی ایک رپورٹ کے مطابق، یہ تجارت سرکاری ریکارڈ میں مکمل طور پر ظاہر نہیں ہوتی، کیونکہ کئی بار سامان کی دستاویزات میں ایران کے بجائے وسطی ایشیائی ممالک کا ذکر کیا جاتا ہے اور لین دین اکثر پاکستانی روپے میں ہوتا ہے۔ اس کے برعکس، بھارت کے لیے ایران کی تجارت زیادہ رسمی اور حجم میں نمایاں ہے۔

بقیہ 33 تجارت نیوز
کی منظور شدہ مدتوں میں کٹ آف ریٹس 59 سے 70 بیس پوائنٹس کم ہوگئے ہیں۔ حکومت کی محتاط اور منظم قرض گیری حکمت عملی کے باعث حکومتی قرضوں کی لاگت میں نمایاں کمی ریکارڈ کی جارہی ہے۔ مارکیٹ کی بلڈز میں مسلسل کمی نجی شعبے کیلئے قرض فراہمی کی گنجائش بڑھی اور مالیاتی دباؤ میں نمایاں نرمی آئی ہے۔ وزارت خزانہ کی اپنی بہترین شرائط پر مضبوط قرض گیری سے فنڈنگ لاگت کم اور مارکیٹ استحکام میں اضافہ ہوا ہے۔ پی آئی بی نیلامی میں 450 ارب روپے کے ہدف کے مقابلے میں حکومت نے 488 ارب روپے حاصل کیے۔ پی آئی بی نیلامی میں 1,458 ارب روپے کی بھاری بولیاں موصول ہوئیں جو مارکیٹ کے اعتماد کی مظہر ہیں۔

بقیہ 34 تجارت نیوز
وزارتِ تجارت اور اس کی ذیلی کمیٹی کے اجلاس میں چھالیہ کی درآمد کی پوری سپلائی چین کا مکمل احاطہ کیا گیا، اور اجلاس کے شرکاء کی متفقہ رائے تھی کہ متضاد لیبارٹری رپورٹس، بندرگاہوں پر نقل و حمل کے دوران وقت کے زیاں اور عدالتی تنازعات سے بچنے کے لیے چھالیہ کی درآمد کو برآمد سے قبل جانچ پڑتال (پری شپمنٹ انسپکشن) اور بین الاقوامی آف شور تصدیقی نظام سے منسلک کیا جائے۔ اسی فیصلے کی روشنی میں محکمہ تحفظِ نباتات (ڈی پی پی) نے 29 ستمبر 2025 کو چھالیہ کی درآمد کے لیے نیا جامع طریقہ کار تیار کیا، جو پاکستان پلانٹ کوارنٹائن رولز 2019، بین الاقوامی نباتاتی تحفظ معاہدے (آئی پی پی سی) اور امپورٹ پالیسی آرڈر 2022 سے ہم آہنگ تھا۔ اس طریقہ کار میں واضح طور پر تعین کیا گیا کہ چھالیہ کے ہر کنسائنمنٹ کی پری شپمنٹ انسپکشن برآمد کنندہ ملک کے تسلیم شدہ اداروں کے ذریعے ہوگی اور صرف وہ کنسائنمنٹ ہی پاکستان بھیجی جائے گی، جس کی چھان بین ISO سے منظور شدہ لیبارٹری میں کروائی گئی ہو، علاوہ ازیں برآمد کنندگان اور پیکنگ یونٹس کی رجسٹریشن ضروری ہوگی، ان اقدامات کے ساتھ جدید پیکنگ، لیبلنگ اور ٹریک اینڈ ٹریس نظام نافذ کیا جائے گا اور کلیئرنس کا عمل پاکستان سنگل ونڈو (پی ایس ڈبلو) کے ذریعے خودکار اور شفاف بنایا جائے گا، ذرائع نے اس ضمن میں مزید کہنا تھا کہ ڈائریکٹر جنرل ڈی پی پی کے 10 اکتوبر 2025 کو عہدے کا چارج سنبھالنے کے بعد یہ انکشاف ہوا کہ محکمہ تحفظِ نباتات کی جانب سے 17 اکتوبر 2025 کو جاری کردہ نوٹیفکیشن میں وزارت کی منظور شدہ پالیسی سے ہٹ کر لازمی لیبارٹری ٹیسٹ اور دوبارہ ٹیسٹنگ شامل کر دی گئی، جس سے پری شپمنٹ انسپکشن کے پورے نظام کو غیر موثر بنا دیا گیا اور ڈیجیٹل آئی آر ایم ایس نظام کے ذریعے کلیئرنس ناممکن ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق رپورٹ میں الزام عائد کیا گیا ہے کہ ڈاکٹر محمد باسط اور محمد عمر نے نہ صرف پری شپمنٹ انسپکشن اور آف شور جانچ کے تصور کی مخالفت کی بلکہ فائلوں میں تبدیلیاں کر کے نئے درآمدی طریقہ کار پر عملدرآمد میں رکاوٹ ڈالی۔ ان اقدامات کے باعث چھالیہ کی درآمد کے لیے رسک بیسڈ، خودکار اور شفاف نظام تاخیر کا شکار ہوا۔ مزید انکشاف ہوا کہ انہی افسران کی سابقہ پالیسیوں کے نتیجے میں انڈونیشیا کے ساتھ پاکستان کی کینو برآمدات کے لیے زرعی زہروں کی جانچ 8 سے بڑھ کر 24 اقسام تک پہنچ گئی جبکہ دیگر ممالک کے ساتھ زرعی و نباتاتی معاہدوں میں بھی غیر ضروری تاخیر پیدا ہوئی۔ اس صورتحال کے پیش نظر 31 اکتوبر 2025 کو محکمہ تحفظِ نباتات میں انتظامی ردوبدل کیا گیا تاہم اس کے بعد بھی بعض افسران اور ان کی ٹیموں کی جانب سے اصلاحاتی اقدامات میں رکاوٹیں ڈالنے کا سلسلہ جاری ہے، جس کی وجہ سے معاملہ عدالت تک بھی پہنچا۔ رپورٹ کے مطابق، پاکستان کسٹمز کو 16 دسمبر 2025 کو آگاہ کر دیا گیا کہ چھالیہ کی درآمد کے لیے اب تمام گڈز ڈیکلریشنز پاکستان سنگل ونڈو کے ذریعے فائل ہوں گی جبکہ مینول کلیئرنس نظام کو روک دیا گیا ہے۔ حکام کے مطابق انڈونیشیا کے متعلقہ نباتاتی ادارے اور پری شپمنٹ انسپکشن ایجنسیوں سے مشاورت کے بعد بہت جلد نئے درآمدی طریقہ کار پر مکمل عملدرآمد شروع کردیا جائے

ملنے والی اطلاعات کے مطابق ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن، جو قیام پاکستان کے وقت اپنے فضائی بیڑے کا حامل واحد ادارہ تھا، آج اس حالت کو پہنچ چکا ہے کہ اس کے پاس موجود 15 طیارے مختلف اداروں کو عطیہ کرنے کا فیصلہ کر لیا گیا ہے۔ جن میں 8 سیسنا اور 7 فلیچر طیارے شامل ہیں۔ جنھیں کبھی زرعی اسپرے، فضائی نگرانی اور انسداد منشیات آپریشن میں استعمال کیا جاتا تھا۔ تجارت نیوز کو مصدقہ ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق گزشتہ ایک برس کے دوران ادارے میں متعدد ڈائریکٹر جنرلز کی تعیناتی اور برطرفیاں ہوئیں۔ تاہم تعینات کیا جانے والا ہر نیا سربراہ رشوت خوری کے پرانے نظام میں شامل ہوکر اسی گٹھ جوڑ کا حصہ بنتا چلا گیا۔ جبکہ من پسند کسٹمز کلیئرنگ ایجنٹوں کے ذریعے آنے والی کنسائنمنٹس کو کلیئرنس کی این او سیز جاری کی جاتی رہیں تو دوسری جانب افسران مبینہ طور پر ملوں اور فیکٹری مالکان سے براہ راست مالی معاملات طے کرتے رہے۔ قابل ذکر بات تو یہ ہے کہ حالیہ پیشرفت میں ایک اور متنازعہ پہلو یہ سامنے آیا ہے کہ سندھ ہائیکورٹ کے احکامات پر ایک کسٹم افسر کو ڈی جی کے عہدے سے ہٹائے جانے کے باوجود دوبارہ ایک اور کسٹم افسر یاسین مرتضیٰ کو ڈیپوٹیشن پر ڈی جی تعینات کردیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق مذکورہ افسر پہلے ہی کسٹمز اور پلانٹ پروٹیکشن کے مابین موجود گٹھ جوڑ سے بخوبی واقف ہیں۔ جس کے باعث ان کی تعیناتی کے حوالے سے سنجیدہ سوالات اٹھ رہے ہیں۔ ذرائع سے موصول ہونے والی معلومات کے مطابق محکمہ تحفظ نباتات میں بے پناہ بدعنوانیوں اور بےضابطگیوں کے بعد وفاقی حکومت کی جانب سے وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق میں بڑے پیمانے پر تبادلے اور معطلیاں کی گئی ہیں۔ اور کابینہ ڈویژن نے ایڈیشنل سیکرٹری امیر محی الدین کا تبادلہ کر کے کیپٹن (ریٹائرڈ) سیف انجم کو سیکرٹری کا اضافی چارج سونپ دیا ہے تا کہ جاری تحقیقات کی شفاف نگرانی ممکن بنائی جاسکے۔ واضح رہے کہ سندھ ہائی کورٹ کے فیصلے کے بعد سابق ڈی جی طاہر عباس کو پلانٹ پروٹیکشن ایڈوائزر اور ڈی جی کے عہدوں سے ہٹا دیا گیا تھا جبکہ 23 دسمبر 2025 کو ڈاکٹر عطااللہ خان کو بھی ڈی جی کے عہدے سے ہٹا کر معطل کردیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق زرعی اجناس میں جعلی بائیو سیکیورٹی کلیئرنس پاکستان کی عالمی منڈی میں ساکھ کو شدید نقصان پہنچا سکتی ہے۔ جس کے باعث برآمدات پر پابندی، کسانوں کو معاشی نقصان اور صارفین کی صحت کو خطرات لاحق ہو سکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق سینئر افسران کا کہنا ہے کہ اس بحران سے نکلنے کے لیے ایک آزاد انکوائری کمیٹی، فرانزک آڈٹ، گواہوں کے تحفظ اور میرٹ پر تقرریاں ناگزیر ہیں۔ اب سوال یہ ہے کہ کیا ریاست واقعی اس ادارہ جاتی بدعنوانی کے خلاف کھڑی ہوگی یا یہ کیس بھی ماضی کی طرح فائلوں میں دفن ہو جائے گا دوسری جانب پاکستان بھر کے صنعت کاروں اور تاجروں نے تجارت نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت پورے ملک کی تاجر برادری لاوارث ہوچکی ہے اور ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن میں جاری بے ضابطگیوں کے باعث ان کا پاکستان میں کاروبار کرنا ناممکن ہو چکا ہے۔ صنعتکاروں اور تاجروں کا مزید کہنا تھا کہ انھوں نے موجودہ ڈائریکٹر جنرل ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن سے ملاقات کی۔ جس میں انھوں نے انکشاف کیا کہ 16 اکتوبر 2025 کے روز وزیر اعظم ہاؤس میں ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ ہوئی۔ جس میں یہ طے پایا کہ اب یعنی 16 اکتوبر کے بعد چھالیہ کا جو بھی کنٹینر نکلے گا، وہ نئی پالیسی میں شامل کیے جانے والے قوائد وضوابط کے تحت ہی نکلے گا۔ پاکستان بھر کے صنعتکاروں اور تاجروں نے تجارت نیوز کے توسط سے سوال اٹھایا ہے کہ اگر 16 اکتوبر کے روز ایسی کوئی میٹنگ ہوئی تھی جس کے مندرجات کو 23 دسمبر 2025 کو نکالے جانے والے ریوائز لیٹر میں تبدیل کئے جانے کے بعد کراچی پورٹ پر پڑے تمام کنٹینرز کو ہولڈ کر دیا گیا ہے، تو 16 اکتوبر 2025 سے لے کے 23 دسمبر 2025 تک جتنے کنٹینر نکلے ہیں، اور ان کے حوالے سے کوئی واضح نوٹیفکیشن نہیں جاری کیا گیا تو وہ کیا قانونی تھے یا غیر قانونی تھے، اور اب جو کنٹینرز ہولڈ کیے ہیں یہ کس قانون کے تحت روکے گئے ہیں۔ تاجروں اور صنعتکاروں کا مزید کہنا تھا کہ 16 اکتوبر کے نوٹیفکیشن کو 23 دسمبر 2025 کو ریوائز کیے جانے سے پہلے جو جہاز کراچی پورٹ پر پہنچ چکے تھے، ان کے ذریعے آنے والے کنٹینرز کو کیوں ہولڈ کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں 16 اکتوبر کے روز جب وزیر اعظم ہاؤس سے اس ضمن میں واضح ہدایات مل چکی تھیں کہ اب تمام مال نئی پالیسی کے تحت نکالا جائے گا تو 16 اکتوبر سے لے کر 23 دسمبر 2025 کے تحت جو بھی مال کلیئر کیا گیا ہے، وہ کن پارٹیوں کا ہے اور اسے کن قوائد وضوابط کے تحت ریلیز کیا گیا ہے، صنعتکاروں اور تاجروں کا مزید کہنا تھا کہ سوال یہ پیدا ہوتا ہے 16 اکتوبر 2025 سے قبل کراچی پورٹ پر پہنچے والے کنٹینرز کو اب کن شرائط کے تحت ریلیز کیا جائے گا، متاثرین کا مزید کہنا تھا کہ انھوں نے اس سنگین صورتحال کے حوالے سے ڈائریکٹر جنرل، ڈپٹی ڈائریکٹر، سی پورٹ انچارج سمیت تمام افسران سے رابطہ کیا تاہم کوئی بھی ڈائریکٹر، ڈپٹی ڈائریکٹر اور دیگر متعلقہ حکام انھیں جواب دینے کے لیے تیار نہیں ہے۔ متاثرین نے تجارت نیوز کے توسط سے ارباب اختیار سے سوال کیا کہ وہ اس سنگین صورتحال کے باعث شدید پریشان ہیں کہ اپنا کاروبار جاری رکھیں یا اسے ہمیشہ کے لیے بند کر دیں واضح رہے کہ صنعتکاروں اور تاجروں نے الزام عائد کیا گیا کہ جن لوگوں کے پی سی ایس آئی آر لاہور میں معاملات طے تھے، گزشتہ چند ماہ کے دوران ان کے مال کو باآسانی کلیئر کیا جاتا رہا تاہم جنھوں نے ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کے بدعنوان افسران کو منہ مانگی رشوت دینے سے انکار کیا وہ آج بھی دربدر ہورہے رہے ہیں جبکہ ڈائریکٹر جنرل ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن کا پرسنل اسسٹنٹ شعیب فرعون بنا ہوا ہے اور تاجروں کو من مانی رشوت کی ادائیگی کے لیے مجبور کیا جارہا ہے۔ پاکستان بھر کے صنعت کاروں اور تاجروں نے تجارت نیوز کے توسط سے فیلڈ مارشل عاصم منیر اور وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف سے اپیل کی ہے کہ ڈپارٹمنٹ آف پلانٹ پروٹیکشن میں کسی ایماندار اور تجربہ کار ڈائریکٹر جنرل کی تعیناتی عمل میں لائی جائے۔ بصورت دیگر پاکستان کی تجارت کو تباہ و برباد ہونے سے روکا نہیں جاسکے گا۔

بقیہ 36 تجارت نیوز
کو پورا کرنے کے لیے سنگین خطرہ پیدا کر دیا ہے۔ خیبر پختونخوا کے مشیر خزانہ مزمل اسلم نے ایف بی آر کی جانب سے سال کے پہلے چھ ماہ کا ہدف پورا کرنے میں ناکامی کے باعث صوبے کو این ایف سی کے تحت تخمینہ شدہ حصے سے 76 ارب روپے کم ملنے پر وزیرخزانہ محمد اورنگزیب کو متنبہ کیا ہے۔ اربوں روپے کے ناجائز انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس ایڈوانس لینے اور ریفنڈز کی ادائیگیوں کو سست کرنے کے باوجود ایف بی آر اصل ٹیکس ہدف سے 545 ارب روپے اور نظرثانی شدہ ہدف سے 330 ارب روپے پیچھے رہا۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی قیادت میں حکومت کا یہ مسلسل دوسرا سال ہے جب ایف بی آر کو مکمل تعاون فراہم کرنے کے باوجود ٹیکس اہداف حاصل نہیں ہو پا رہے۔

بقیہ 37 تجارت نیوز
ہے، کیونکہ یہ زیادہ آبادی والے صوبوں کو زیادہ فنڈز دے کر ان کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ ایک ویڈیو پیغام میں انہوں نے بتایا کہ 2023 کی پہلی ڈیجیٹل مردم شماری سے چند تشویشناک حقائق سامنے آئے ہیں۔ پاکستان میں آبادی میں اضافے کی شرح 2.4 فیصد سے بڑھ کر 2.55 فیصد ہوگئی ہے، جو دنیا کی بلند ترین شرحوں میں سے ایک ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر یہی رفتار برقرار رہی تو 2050 تک پاکستان کی آبادی 40 کروڑ تک پہنچ جائے گی، جو وسائل پر شدید بوجھ ڈالے گی۔ احسن اقبال نے کہا کہ چونکہ این ایف سی کے 82 فیصد وسائل آبادی کی بنیاد پر تقسیم ہوتے ہیں، اس لیے صوبوں کے پاس آبادی کم کرنے کی کوئی ترغیب موجود نہیں۔ انہوں نے اسے ایک بڑا چیلنج قرار دیتے ہوئے قومی سطح پر فیملی پلاننگ کی ضرورت پر زور دیا۔ دوسری جانب این ایف سی کمیشن کے کام کی رفتار سست ہے اور ورکنگ گروپس کی محدود پیش رفت کی وجہ سے آئندہ اجلاس میں تاخیر کا خدشہ ہے۔

بقیہ 38 تجارت نیوز
کریم رندھاوا سے ملاقات کر رہے تھے۔ اس موقع پر ارفع کریم فاؤنڈیشن کی چیف ایگزیکٹو تابندہ اسلام بھی موجود تھیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ نوجوانوں کو آئی ٹی کی تعلیم اور تربیت حاصل کرنے کی بھرپور حوصلہ افزائی کی جارہی ہے جبکہ آئی ٹی شعبے میں کاروباری سرگرمیوں کو بھی فعال طور پر فروغ دیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی اولین ترجیحات میں پاکستانی نوجوانوں کو عالمی معیار کی آئی ٹی تعلیم اور تربیت فراہم کرنا شامل ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مزید بتایا کہ وفاقی حکومت محنتی اور بہترین کارکردگی دکھانے والے طلبہ میں لیپ ٹاپ تقسیم کر رہی ہے تاکہ ان کی تعلیمی سرگرمیوں میں مدد مل سکے۔

بقیہ 39 تجارت نیوز
تفصیلات کے مطابق جمعہ کی سہ پہر کراچی پورٹ ٹرسٹ کے کیماڑی ویسٹ وارف میں موجود ایک کنٹینر کے اندر بڑی آگ بھڑک اٹھی۔ جس نے دیکھتے ہی دیکھتے 20 سے زائد کنٹینرز کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ اطلاعات کے مطابق کنٹینرز میں الیکٹرونک آئٹمز، کیمیکل، کپڑا اور لیتھیم بیٹریز موجود تھیں۔ جس کے باعث آگ پر قابو پانا مشکل ثابت ہوا۔ جبکہ فائر بریگیڈ ذرائع کے مطابق ابتدائی کارروائی میں فائر بریگیڈ کے چار فائر ٹینڈرز نے آگ بجھانے کی کوشش کی۔ جبکہ کے پی ٹی، پاکستان نیوی اور ریسکیو 1122 کے اضافی فائر فائٹرز نے بھی آگ بجھانے کے عمل میں حصہ لیا۔ اور 20 سے زائد فائر ٹینڈرز کی مدد سے ڈھائی گھنٹے تک مسلسل کام کرتے ہوئے آگ پر قابو پا لیا۔ غیر مصدقہ اطلاعات کے مطابق آتشزدگی کے باعث کنٹینروں میں موجود کروڑوں روپے مالیت کا سامان جل کر خاکستر ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق پورٹ حکام نے آگ لگنے کی وجہ جاننے کے لیے تحقیقات کا آغاز کردیا ہے جبکہ ابتدائی طور پر خدشہ ظاہر کیا گیا کہ آتشزدگی کا واقعہ شارٹ سرکٹ یا کسی تکنیکی خرابی کے باعث پیش آیا۔ دوسری جانب وزیر بحری امور جنید انور چوہدری نے آگ لگنے کا اگر نوٹس لیتے ہوئے حکام سے تفصیلی رپورٹ طلب کر لی ہے۔

بقیہ 40 تجارت نیوز
کا سامنا کر رہی ہے، ایسے حالات میں تقریباً 20 فیصد اضافی بوجھ کی صورت میں کراس سبسڈی نے متعدد صنعتی یونٹس کیلئے معمول کے مطابق کاروبار جاری رکھنا بھی مشکل بنادیا ہے۔ محمد اکرام راجپوت نے کہا کہ اگر وزارت توانائی کے مطابق بجلی کے شعبے کی کارکردگی بہتر ہوچکی ہے تو یہ بات سمجھ سے بالاتر ہے کہ صنعت کیلئے تقریباً 9 سینٹ فی یونٹ پر مبنی مسابقتی بجلی ٹیرف کیوں ممکن نہیں ہوسکا۔ اگر شعبہ واقعی مستحکم ہے تو اس کا فائدہ براہ راست صنعتی صارفین تک کیوں نہیں پہنچایا جارہا۔ صدر کاٹی نے زور دیا کہ سستی اور مسابقتی بجلی کے بغیر نہ برآمدات میں اضافہ ممکن ہے اور نہ ہی پائیدار روزگار کے مواقع پیدا کیے جاسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کا برآمدات بڑھانے اور بالآخر آئی ایم ایف پروگرام سے نکلنے کا ہدف اس وقت تک حاصل نہیں ہوسکتا جب تک صنعت ایسی پالیسیوں کا بوجھ اٹھاتی رہے جن کا اس کے حقیقی استعمال یا کارکردگی سے کوئی تعلق نہیں۔ محمد اکرام راجپوت نے موجودہ تین سالہ انکریمنٹل کنزمپشن پیکیج کے ڈیزائن پر بھی تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ سابقہ ونٹر پیکیج میں صنعت کو مجموعی طور پر ریلیف فراہم کیا گیا تھا، تاہم موجودہ اسکیم میں یہ سہولت محدود کردی گئی ہے، جس کے نتیجے میں کئی صنعتی یونٹس اس سے محروم رہ گئے ہیں، خاص طور پر وہ ادارے جن کی دسمبر 2023 سے نومبر 2024 کے دوران بجلی کی کھپت زیادہ رہی۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاور ڈویژن کی جانب سے لاگو کیے گئے لوڈ فیکٹرز کا کسی ایسے رعایتی پیکیج میں کوئی واضح تکنیکی یا ریگولیٹری جواز موجود نہیں جس کا بنیادی مقصد بجلی کی طلب میں اضافہ ہو۔ یہ پیمانے بظاہر بجلی چوری اور ڈیٹیکشن بلنگ کے نظام کیلئے وضع کیے گئے طریقہ کار سے اخذ کیے گئے ہیں، جس کے باعث یہ پیکیج طلب بڑھانے کے بجائے غیر مؤثر ہوکر رہ گیا ہے۔ اس اسکیم کے تحت اضافی کھپت کی حوصلہ افزائی کے بجائے صنعت میں محض طلب کی منتقلی کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ صدر کاٹی نے وفاقی وزیر برائے توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس لغاری سے مطالبہ کیا کہ صنعتوں کیلئے بجلی کے بلوں میں شامل کراس سبسڈی فوری طور پر ختم کی جائے اور انکریمنٹل کنزمپشن پیکیج کا ازسرنو جائزہ لیا جائے تاکہ یہ واقعی صنعتی سرگرمیوں میں اضافے کا ذریعہ بن سکے۔ انہوں نے کہا کہ صنعت کا مستقبل، برآمدی مسابقت اور مجموعی معاشی بحالی کا براہِ راست انحصار منصفانہ، شفاف اور معقول بجلی قیمتوں پر ہے۔

بقیہ 41 تجارت نیوز
تھا کہ صنعت سے گھریلو شعبے کو اضافی گیس منتقل کرنے کے آپشن پر غور کیا جارہا ہے، گیس طلب ورسد پر ہفتہ وار رپورٹ پیش کرنے کا حکم دیدیا، پیٹرولیم ڈویژن میں روزانہ صبح 10 بجے گیس صورتحال کی مانیٹرنگ کی جارہی ہے، سوئی ناردرن اور سوئی سدرن گیس کمپنی کے حکام نے بتایا کہ 6 جنوری سے گھریلو گیس سپلائی 691 سے بڑھ کر 746 ایم ایم سی ایف ڈی کردی ہے، شی وا فیلڈ کی پیداوار 55 سے بڑھا کر 65 ایم ایم سی ایف ڈی کر دی گئی، دو گیس فیلڈز کی بحالی سے سپلائی صورتحال میں بہتری آئی ہے۔

بقیہ 42 تجارت نیوز
پاکستان کی دہشت گردی کے خلاف قربانیاں عالمی سطح پر تسلیم شدہ ہیں، غیر ذمے دارانہ الزامات خطے میں کشیدگی کو مزید بڑھا سکتے ہیں۔ پاکستان نے کہا ایران کی صورتحال پر گہری نظر ہے اور پاکستان ایران کے مسئلے کا پرامن حل چاہتا ہے۔ پاکستان امیران کیخلاف اپنی سرزمین وفضا استعمال نہ ہونے دینے کے موقف پر کاربند ہیں۔ معاہدہ ابراہیمی پر پاکستان کا چیک مارک ایک آزاد اور خودمختار ریاست فلسطین کا قیام ہے۔

بقیہ 43 تجارت نیوز
مطابق آل پاکستان شپنگ ایسوسی ایشن (اے پی ایس اے) نے باضابطہ مراسلے کے ذریعے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ تمام ممبر شپنگ لائنز، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے قواعد وضوابط کے مطابق، اپنے متعلقہ مجاز کمرشل بینکوں کے فراہم کردہ ایکسچینج ریٹ کی بنیاد پر ہی شپنگ فیس وصول کریں گی۔ وفاقی ٹیکس جمع کرنے والے ادارے (ایف بی آر) نے کہا کہ یہ فیصلہ کن پیش رفت پاکستان کسٹمز کی جانب سے تشکیل دی گئی ایک اعلیٰ سطح کمیٹی کی مسلسل کوششوں کا نتیجہ ہے جس نے شپنگ ایجنٹس، ٹرمینل آپریٹرز، تجارتی تنظیموں اور بین الاقوامی شپنگ لائنز کے ساتھ طویل اور وسیع مشاورت کی۔ پاکستان میں کام کرنے والی سب سے بڑی شپنگ لائن مائرسک نے جو ملک کے کل کارگو کا تقریباً 26 فیصد سنبھالتی ہے سرکاری بینک ایکسچینج ریٹ کا اطلاق شروع کر دیا ہے جس نے صنعت کے دیگر اداروں کے لیے ایک مثال قائم کر دی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ اہم بین الاقوامی شپنگ لائنز اور ان کے مقامی ایجنٹس جن میں ہیپگ-لائیڈ، اوشین نیٹ ورک ایکسپریس (ون)، کوسکو شپنگ، سی ایم اے سی جی ایم، میڈیٹیرینین شپنگ کمپنی (ایم ایس سی)، اواوسی ایل اور یونائیٹڈ میرین ایجنسیز شامل ہیں سے عمل درآمد کی تحریری تصدیقات موصول ہوچکی ہیں، جس سے یہ بات واضح ہوئی کہ صنعت بھر میں مکمل طور پر ایس بی پی کے مطابق ایکسچینج ریٹس پر عمل ہورہا ہے۔ کئی سالوں سے تاجروں اور برآمد کنندگان نے شپنگ لائنز کی جانب سے ڈالر کے غیر منصفانہ اور زائد ایکسچینج ریٹس کے اطلاق پر شدید تحفظات کا اظہار کیا تھا، جو اکثر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مقرر کردہ ریٹس سے کہیں زیادہ ہوتے تھے۔ ایف بی آر کا کہنا ہے کہ اس عمل (مہنگے ریٹس کی وصولی) کی وجہ سے کاروباری لاگت میں نمایاں اضافہ ہوا، برآمدات کی عالمی مسابقت پر منفی اثرات پڑے اور شپنگ چارجز کے حوالے سے غیر یقینی صورتحال پیدا ہوئی۔ ایف بی آر کا کہنا ہے کہ توقع ہے کہ اس اقدام سے تاجروں اور برآمد کنندگان پر لاگت کا بوجھ نمایاں طور پر کم ہوگا، شپنگ چارجز میں شفافیت اور کاروباری برادری کے اعتماد کی بحالی میں مدد ملے گی۔

بقیہ 44 تجارت نیوز
سلسلے میں گڈاپ کے کھلے علاقے میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کلکٹر کسٹمز انفورسمنٹ کراچی معین الدین وانی نے کہا کہ محکمہ کسٹمز کی جانب سے ضبط شدہ ممنوعہ اشیا کی تلفی ایک سال میں یہ تیسری مرتبہ قانونی تقاضے پورے کرنے کے بعد کی جارہی ہے۔ معین وانی کے مطابق محکمہ کسٹمز ضبط شدہ قابل استعمال اشیا کی نیلامی، جبکہ مضر صحت ممنوعہ اشیا تلف کرتا ہے، ضبط شدہ سگریٹس کی تلفی عالمی قوانین و مقامی قوانین کی پاسداری کرتے ہوئے کی جاتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کسٹمز حکام کو دوران آپریشنز شدید مزاحمت کا بھی سامنا کرنا پڑتا ہے، لیکن اسکے باوجود انفورسمنٹ اہلکار جان فشانی کے ساتھ انسداد اسمگلنگ مہم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ 5 سال سے نوجوان خواتین کسٹمز افسران بھی انسداد اسمگلنگ مہم میں شریک ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ کسٹمز کے انسداد اسمگلنگ آپریشنز میں قانون نافذ کرنیوالے ادارے بالخصوص سندھ رینجرز کا بھرپور تعاون رہتا ہے۔

بقیہ 45 تجارت نیوز
فراہم کنندگان اور بڑے اداروں کے حساس ڈیٹا کو ملک کے اندر ہی محفوظ رکھتے ہوئے بڑے پیمانے پر آرٹیفشل انٹیلی جنس کا استعمال کو فروغ دینا ہے۔ اور ان رکاوٹوں کو دور کرنا ہے جن کی وجہ سے تجربات اور پیداواری عمل میں سستی آتی ہے۔ جی پی یو کمپیوٹنگ اور دیگر پلیٹ فارم میں ضم کیا جائے گا، جس سے اداروں کو مکمل. مصنوعی ذہانت پر تیزی سے منتقل ہونے میں معاونت ہو۔ اس ڈ ہو۔ اس ڈیٹا سینٹر سے مقامی اسٹارٹ اپس، یونیورسٹیوں، اداروں اور خدمات کی صنعت کا ڈیٹا بیرون ملک سروسز پر نہیں رکھنا پڑے گا۔ ڈیٹا والٹ پاکستان کی بانی اور سی ای او مہوش سلمان علی نے کہا ہے کہ اس شراکت داری کا مقصد خودمختار اور بڑے پیمانے پر مصنوعی ذہانت کے استعمال کے ذریعے حساس ڈیٹا ملک کے اندر ہی محفوظ رکھنا ہے۔ امریکی کمپنی رانے سسٹمز کے سی ای او حسیب بدھانی نے رفتار اور کنٹرول کے توازن پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ صارفین سیکیورٹی یا کنٹرول پر سمجھوتہ کیے بغیر فوری طور پر اے آئی کے نتائج چاہتے ہیں۔

بقیہ 46 تجارت نیوز
پی 4,5 ہزار روپے پر تھی جو عمران دور میں ,1314 ہزار پر جا پہنچی اور آج بھی اس کے اردگرد گھوم رہی ہے، پی ٹی آئی کے نعیم حیدر پنجوتھا نے کہا کہ عمران خان سے آج بھی کسی کی ملاقات نہیں ہوسکی رفقا کی ملاقات ایک برس سے بند ہے، چیئرمین اور ان کی اہلیہ دونوں قید تنہائی میں ہیں، ان کی ضروریات کی چیزیں بھی نہیں دینے جار ہیں، اب تو گاڑیوں کا دھندا شروع ہوگیا جو پکڑتے ہیں اسے پیسے لیکر چھوڑا جاتا ہے، عدالتیں جب تک اپنے احکامات نہیں منوائیں گی یہ نظام نہیں چلے گا ، ہم نے قانونی کارروائی کیلیے درخواستیں دائر کی ہوئی ہیں۔

بقیہ 47 تجارت نیوز
کے حوالے سے نجی شعبے کے ماہرین سے مشاورتی اجلاس میں وزیراعظم نے دستیاب ذرائع اور معاشی مسائل کے باوجود بہترین کارکردگی پر وزارت ریلویز کی تمام ٹیم کو شاباش دی۔ انہوں نے وزارت ریلویز کے وسائل کے کمرشل استعمال کیلئے جامع حکمت عملی جلد از جلد مرتب کرنے کی خصوصی ہدایات دیں اور کہا کہ معیشت کی مجموعی ترقی، صنعت و تجارت اور دیگر شعبہ جات کی بہتری میں نجی شعبے کے ماہرین سے مشاورت حکومت کے معاشی اصلاحات کا حصہ ہے، پاکستان ریلویز قلیل وسائل کے باوجود نہایت تندہی اور محنت سے مؤثر کارکردگی کا مظاہرہ کر رہا ہے، ریلویز میں جاری اصلاحات اور اس کو مزید منافع بخش بنانے سے یہ ادارہ ملکی صنعت و تجارت کے فروغ اور سرمایہ کاروں کی سہولت کیلئے کلیدی کردار ادا کرسکتا ہے۔ انقلابی اقدامات کے اطمینان بخش نتائج سامنے آرہے ہیں، ریلوے سے متعلق ترقیاتی کاموں کیلئے حکومتی فنڈز کی دستیابی کو دہائیوں تک نظر انداز کیا گیا جو افسوسناک ہے۔

بقیہ 48 تجارت نیوز
گے، کورنگی کے صنعتکاروں کو آئندہ نوٹسز کا اجرا نہیں کیا جائے گا، سوشل میڈیا پر وزیرخزانہ کی تبدیلی کے حوالے سے کوئی بات انکے علم نہیں ہے، یہ بات انھوں نے جمعرات کو کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری کاٹی میں تاجر وصنعت کاروں سے خطاب کے بعد میڈیا یا ٹاک کرتے ہوئے کہی، قبل ازیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ ایف بی آر کو مارکیٹنگ کا ادارہ بنانے کی ضرورت ہے، انھوں نے کہا کہ ٹیکس کی شرح کم کی جائے تو ٹیکس دہندگان کی تعداد 10 گنا بڑھائی جاسکتی ہے، پاکستان میں ہر تاجر ٹیکس ادا کرنا چاہتا ہے، محض اعتماد کا فقدان ہے، اوورسیز پاکستانی فی الوقت حقیقی پلیئرز نہیں جو ہمارے کرنٹ اکاؤنٹ کو سہارا دے رہے ہیں، معاشی حالات ایسے ہیں کہ کئی صنعت کار اپنی جیب سے سرمایہ لگا کر صنعت چلا رہے ہیں ای او بی آئی اسمارٹ سرمایہ کاری کے ذریعے منافع بخش ادارہ بن سکتا ہے، قبل ازیں کاٹی کے قائمقام صدر زاہد حمید نے کہا کہ کورنگی صنعتی علاقے میں 15 ہزار سے زائد افراد کا روزگار وابستہ ہے، سمندر پار مقیم پاکستانی سالانہ 38 ارب ڈالر کی ترسیلات زر بھیجتے ہیں، پاکستان کی 60 فیصد آبادی نوجوانوں پر مشتمل ہے، عالمی مارکیٹ ہنرمند افراد کی مانگ بڑھ رہی ہے، حکومت سرٹیفکیشن کو فروغ دے تو پاکستان اربوں ڈالر کا زر مبادلہ میں آمدنی حاصل کرسکتا ہے۔

بقیہ 49 تجارت نیوز
روپے کے اثاثوں کے مالکان صرف ایک ہی رات میں سڑک پر آگئے ہیں۔ متاثرین نے الزام عائد کیا کہ آگ کی فوری اطلاع دیے جانے کے باوجود فائر بریگیڈ کی پہلی گاڑی تقریباً ڈیڑھ گھنٹے کی تاخیر کے بعد موقع پر پہنچی جبکہ پانی کا پریشر نہ ہونے کی وجہ سے آگ نے چند ہی گھنٹوں کے اندر پورے شاپنگ پلازہ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ متاثرین کے مطابق ہفتے کی شب لگنے والی آگ کے خوفناک شعلے کئی گھنٹوں تک ان کے مال ومتاع کو نگلتے رہے تاہم فائر بریگیڈ کا عملہ اور دیگر حکام بالا خاموش تماشائی بنے رہے اور تاجر بےبسی سے اپنی ہی آنکھوں سے کراچی کے معروف ترین شاپنگ پلازہ کو راکھ کے ڈھیر میں تبدیل ہوتے دیکھتے رہے۔ گل پلازہ میں کاروبار کرنے والے تاجروں کے مطابق آتشزدگی کے وقت شاپنگ سینٹر میں دکانداروں کے ساتھ سینکڑوں شہری بھی خریداری کے لیے موجود تھے جبکہ اگلے روز اتوار کی چھٹی کے پیش نظر شاپنگ سینٹر میں عام دنوں کی نسبت زیادہ رش تھا۔ متاثرہ تاجروں نے دعویٰ کیا کہ حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کی تعداد حکومتی اعداد وشمار سے کہیں زیادہ ہے اور گرزتے وقت کے ساتھ اس میں مزید اضافے کا خدشہ ہے۔ جس کے پیش نظر فوری وہنگامی اقدامات نہیں کیے گئے تو ہلاک شدگان کی تعداد سینکڑوں میں پہنچ سکتی ہے متاثرین کے مطابق فوری طور پر مالی نقصان کا سو فیصد اندازہ لگانا مشکل ہے تاہم ابتدائی تخمینے کے مطابق آتشزدگی سے ہونے والے نقصان کی مجموعی مالیت اربوں میں ہے علاوہ ازیں انسانی زندگیوں کا ازالہ کسی بھی قیمت پر نہیں کیا جا سکتا ہے۔ تاجروں نے الزام عائد کیا کہ فائر بریگیڈ کا ناتجربہ اور پانی سمیت دیگر ضروری آلات سے مکمل طور پر محروم عملہ آگ بجھانے کے بجائے عمارت کے منہدم ہونے کا انتظار کرتا رہا۔ علاوہ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور میئر کراچی مرتضیٰ وہاب کئی گھنٹوں کی تاخیر کے بعد جائے وقوع پر پہنچے تو دوسری جانب صوبائی وزرا سمیت دیگر حکام بالا دادرسی کرنے کے بجائے ذرائع ابلاغ پر مضحکہ خیز بیانات دے کر ان کے زخموں پر نمک چھڑکتے رہے۔ دوسری جانب ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق گل پلازہ میں آتشزدگی کے واقعے کو 25 گھنٹے گزر جانے کے بعد فائر فائٹرز گل پلازہ میں داخل ہونے میں کامیاب ہوئے جبکہ فائر ٹینڈرز اب بھی بچی کھچی آگ بجھانے میں مصروف ہیں۔ عمارت میں پھنسے لوگوں کے موبائل فون بند ہو گئے ہیں اور ان سے رابطہ ختم ہوگیا ہے۔ ذرائع کے مطبق سانحے میں 1200 دکانیں جل کر خاکستر ہوگئیں، آگ سے متاثرہ عمارت کے حصے ٹوٹ کر گرنے لگے ہیں۔ عمارت میں کتنے لوگ پھنسے ہیں درست تعداد کا اندازہ نہیں، اب تک 60 افراد کے اہل خانہ نے انتظامیہ سے رابطہ کیا ہے، فلاحی اداروں کے مطابق حادثے میں 6 افراد جاں بحق ہوئے جن میں ایک فائر فائٹر بھی شامل ہے، جبکہ 22 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ عینی شاہدین کے مطابق ہفتے کی شب سوا دس بجے لگنے والی آگ نے دیکھتے ہی دیکھتے پورے شاپنگ پلازہ کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، ریسکیو حکام کے مطابق آگ شاپنگ پلازہ کے میزنائن فلور ممکنہ طور پر شارٹ سرکٹ کے باعث لگی جو تیزی سے گراؤنڈ اور فرسٹ فلور تک پھیل گئی۔ دھویں کی شدت اتنی زیادہ تھی کہ کئی افراد کی حالت غیر ہوگئی، جنہیں فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا تھا، فائر بریگیڈ حکام کے مطابق آگ تیسرے درجے کی تھی جس پر قابو پانے کے لیے شہر بھر سے فائر ٹینڈرز طلب کر لیے گئے۔ 20 فائر ٹینڈرز، 4 اسنارکل اور ایک واٹر باوزر کے ذریعے امدادی کارروائیاں جاری رہیں۔ شاپنگ پلازہ کے اطراف موجود متاثرین کے اہل خانہ اپنے پیاروں کے لیے پریشان ہیں۔ ان کے مطابق ممکنہ طور پر اب بھی کئی افراد مخدوش عمارت میں پھنسے ہوئے ہیں۔ آگ کے باعث عمارت کے دو حصے منہدم ہوچکے ہیں اور تمام دکانیں مکمل طور پر جل چکی ہیں۔ دوسری جانب، ریسکیو آپریشن کے دوران سیڑھیاں ٹوٹنے سے فائر بریگیڈ کے دواہلکار کرزخمی بھی ہوئے، آئی جی سندھ جاوید عالم اوڈھو نے متاثرہ عمارت کے دورے پر غیر متعلقہ افراد سے فاصلہ رکھنے کی اپیل کی ہے۔ افسوسناک سانحے میں اپنے پیاروں کو ڈھونڈنے آئے افراد کی آنکھیں اشک بار ہیں، متاثرین کے اہل خانہ رات سے اپنے پیاروں کی تلاش میں پلازہ اور اسپتالوں کے چکر کاٹ رہے ہیں۔ چیف آپریٹنگ آفیسر ریسکیو عابد جلال کا کہنا تھا کہ اس وقت ریسکیو 1122 اور فائر بریگیڈ کے 150 سے زائد فائر فائٹرز کام کر رہے ہیں، ابھی تک 75 فیصد آگ پر قابو پایا گیا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ متاثرہ عمارت انتہائی مخدوش حالت میں ہے، عمارت کے عقبی حصے پہلے گر چکے تھے، اگلا حصہ ابھی گرا ہے۔ ان کے مطابق مخدوش حالات میں عمارت کے اندر جا کر ریسکیو کام کرنا خطرناک ہے، عملے کی سیفٹی کیلئے آگ پر مکمل قابو پانے کے بعد سرچ آپریشن کیا جائے گا۔ آتشزدگی کے پیش نظر عوام کی سہولت کے لیے ہیلپ لائن قائم کر دی گئی۔ اس حوالے سے ڈی سی ساؤتھ جاوید نبی کا کہنا ہے کہ کسی بھی قسم کی معلومات یا گمشدگی کی اطلاع ڈی سی ساؤتھ کو دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اطلاعات 03135048048، 02199205625 اور 02199206372 پر دی جاسکتی ہیں۔ جاوید نبی کا کہنا ہے کہ واقعے میں گمشدہ افراد سے متعلق معلومات بھی انہی نمبرز پر فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔ تو دوسری جانب کراچی موبائل اینڈ الیکٹرونکس ڈیلرز ایسوسی ایشن (کمیڈا) کی جانب سے کراچی کی 100 سے زائد موبائل اور الیکٹرونکس مارکیٹوں میں تین روز تک سوگ منایا جائے گا۔ اس دوران شہداء کے ایصال ثواب کے لیے قرآن خوانی کی محافل منعقد کی جائیں گی اور تمام متعلقہ مارکیٹوں میں سیاہ بینرز آویزاں کیے جائیں گے۔

پیرس: پاکستانی سفیر ممتاز زہرا بلوچ انویو گروپ کے سی ای او کے ساتھ ناشتے کی ٹیبل پر محو گفتگو ہیں

اردو یونیورسٹی:255 طلبہ وطالبات میں اسناد تقسیم

47 طلبہ کو گولڈ، 24 کو سلور اور 16 کو برونز میڈل سے نوازا گیا کامران ٹیسوری، امین الحق ودیگر کا خطاب

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی اردو یونیورسٹی برائے فنون، سائنس وٹیکنالوجی (فیو آسٹ) کے چھٹے جلسہ تقسیم اسناد کی تقریب پی اے ایف میوزیم کراچی میں شیخ الجامعہ پروفیسر ڈاکٹر ضابطہ خان شنواری کی سربراہی میں منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی گورنر سندھ کامران ٹیسوری (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

پاکستان کی رواں مالی سال شرح نمو 3 فیصد رہنے کا امکان

عالمی بینک ترسیلات زر کے معمول پر آنے سے بیرونی مالی دباؤ بڑھنے، مہنگائی میں کمی کا امکان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی بینک نے پاکستان کی رواں مالی سال معاشی شرح نمو 3 فیصد رہنے کی پیش گوئی کی ہے اور جون 2025 کے مقابلے میں پاکستان کی جی ڈی پی گروتھ کے تخمینے میں 0.1 فیصد کمی کردی ہے۔ عالمی بینک کی عالمی معاشی امکانات سے متعلق تازہ رپورٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

کراچی: گورنر سندھ کامران ٹیسوری ایک طالبہ کو سند پیش کررہے ہیں

نجی سرمایہ کاری میں تیزی لائی جائے ورلڈ بینک

اصلاحات کو تیز کرنے کے لیے واضح پالیسی سنگ میل اور قابلِ پیمائش نتائج پر مبنی نظام اپنایا جائے جس میں تکنیکی معاونت کا درست استعمال شامل ہو

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی سربراہی میں ورلڈ بینک پاکستان کی کنٹری ڈائریکٹر بولور ما آنگابازر کے ساتھ اجلاس منعقد ہوا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ورلڈ بینک نے پاکستان پر زور دیا ہے کہ نجی سرمایہ کاری میں تیزی لائی جائے کیونکہ موجودہ رفتار ملک کے کنٹری پارٹنرشپ فریم ورک دو ہزار چھبیس تا پینتیس کے اہداف سے کہیں کم ہے۔ بینک نے یہ تجویز بھی دی کہ اصلاحات کو تیز کرنے کے لیے واضح پالیسی سنگ میلوں اور قابلِ پیمائش نتائج پر مبنی نظام اپنایا جائے، جس میں تکنیکی معاونت کا درست استعمال شامل ہو۔ وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب کی سربراہی میں ورلڈ بینک پاکستان کی کنٹری ڈائریکٹر بولور ما آنگابازر کے ساتھ اجلاس منعقد ہوا جس میں جاری تعاون، ترجیحی شعبے اور ملک کے لیے ڈیزائن کردہ فریم ورک پر بات چیت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

گوادر ریلوے منصوبہ بین الاقوامی کمپنی نے فیزیبلٹی اسٹڈی مکمل کرلی

یہ ریلوے لائن بلوچستان کے معدنیات سے بھرپور علاقوں کے درمیان سے گزرے گی اور انہیں گوادر بندرگاہ سے منسلک کرے گی

اس منصوبے سے کراچی بندرگاہ پر ٹریفک کے دباؤ میں کمی آئے گی اور ایران کے راستے ترکی اور روس تک ریلوے رابطوں میں بہتری آئے گی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق ایک پارلیمانی کمیٹی کو گزشتہ روز بتایا گیا کہ گوادر ریلوے منصوبے کی فیزیبلٹی اسٹڈی، جو ایک بین الاقوامی کمپنی نے مکمل کی ہے، تیار ہوچکی ہے اور وزارتِ ریلوے اب اس منصوبے کو حتمی منظوری کے لیے بورڈ کے سامنے پیش کرنے کی تیاری کررہی ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے پاکستان ریلوے، جس کی صدارت جام سیف اللہ خان نے کی، جس میں ریلوے کی حکمتِ عملی، عملی اصلاحات اور پالیسی امور پر غور کیا گیا۔ وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی اور سیکریٹری ریلوے نے کمیٹی کو آگاہ کیا کہ حکومت منصوبے کی تکمیل کے لیے مختلف آپشنز پر غور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

معاشی استحکام، برآمدات میں اضافہ اولین ترجیح، بلال کیانی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ معاشی استحکام اور برآمدات میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ سپیشل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان کے ٹیکس دہندگان ایکٹو ٹیکس پیئر زلسٹ میں شامل کردیے گئے

متعلقہ کمشنر آئی آر آئی ایس کے ذریعے آزاد جموں وکشمیر یا گلگت بلتستان میں ملازمت یا واحد کاروبار کی موجودگی کی تصدیق کریں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی بورڈ آف ریونیو نے ایک اہم اقدام کے طور پر آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان کے ٹیکس دہندگان کے نام ایکٹو ٹیکس پیئر زلسٹ میں شامل کردیے ہیں۔ یہ نام پہلے ہی آزاد جموں وکشمیر سینٹرل بورڈ آف ریونیو اور گلگت بلتستان کونسل بورڈ آف ریونیو کی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

وزیر اطلاعات کی معروف نیوز کاسٹر عشرت فاطمہ کے گھر آمد

قومی ٹی وی کیلیے خدمات کی پیش کش، عشرت فاطمہ نے پی ٹی وی کیلیے کی گئی پیش کش قبول کرلی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات عطا اللہ تارڑ نے سینئر براڈ کاسٹر عشرت فاطمہ کے گھر میں اُن سے ملاقات کی اور انہیں پی ٹی وی میں خدمات کی پیش کش کیں جسے انہوں نے قبول کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق عشرت فاطمہ کی ویڈیو وائرل ہونے کے بعد وزیر اطلاعات ونشریات عطا تارڑ عشرت فاطمہ کے گھر پہنچے اور انہیں 45 سالہ خدمات پر خراج تحسین پیش کیا۔ عطا تارڑ نے کہا کہ عشرت فاطمہ کی نیوز کاسٹنگ اور براڈ کاسٹنگ سروسز کے حوالے سے ایک پہچان (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

آئی ٹی ایکسپرٹ ارفع کریم کی 14 ویں برسی منائی گئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) دنیا کی کم عمر ترین مائیکروسافٹ سرٹیفائیڈ پروفیشنل ارفع کریم رندھاوا کی 14 ویں برسی بدھ کو منائی گئی، ارفع کریم غیر معمولی ذہین بچی تھی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

رینجرز اور کسٹم انفورسمنٹ کا سہراب گوٹھ پر چھاپہ، کروڑوں روپے کا اسمگل سامان برآمد

نان کسٹم پیڈ انورٹرز کراچی شہر کے مختلف علاقوں میں سپلائی کئے جارہے تھے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان رینجرز (سندھ) اور کسٹم انفورسمنٹ نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کراچی کے علاقے بسم اللہ مارکیٹ نزد نیو سبزی منڈی سہراب گوٹھ سے اسمگل شدہ نان کسٹم پیڈ سامان جس میں ٹائرز، سمر پمپس اور 197 عدد انورٹرز شامل ہیں برآمد کرلیے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

پنشن عدم ادائیگی پر ڈی جی کے ڈی اے کیخلاف کارروائی کا حکم

عدالت کا چیف سیکریٹری کو ڈی جی کے ڈی اے ودیگر کیخلاف انضباطی کارروائی کا حکم، توہین عدالت کے مرتکب افسران طلب

عدالتی احکامات پر کے ڈی اے ایک ہزار 400 سے زائد ریٹائرڈ ملازمین کو واجبات ادا کرچکا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ ہائی کورٹ کے آئینی بینچ نے کے ڈی اے ریٹائرڈ ملازمین کو پنشن کی عدم ادائیگی سے متعلق توہین عدالت کی درخواست پر چیف سیکریٹری سندھ کو ڈی جی کے ڈی اے ودیگر کے خلاف انضباطی کارروائی شروع کرنے کا حکم دیدیا۔ ہائیکورٹ کے آئینی بینچ کے روبرو کے ڈی اے کے ریٹائرڈ ملازمین کو پنشن کی عدم ادائیگی سے متعلق توہین عدالت کی درخواست کی سماعت ہوئی۔ کے ڈی اے کی جانب سے عبوری عملدرآمد رپورٹ عدالت میں جمع کرادی گئی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ کے ڈی اے کو مالی بحران کا سامنا ہے، عدالتی احکامات پر کے ڈی اے ایک ہزار 400 سے زائد ریٹائرڈ ملازمین کو واجبات ادا کرچکا ہے، محکمہ خزانہ کی جانب سے 13 جنوری کو ایک لیٹر موصول ہوا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ ریٹائرڈ ملازمین کے بجٹ میں اضافے کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)


کوہاٹ: پہاڑی تودہ گرنے سے ملبے تلے دب جانے والے افراد کو نکالا جارہا ہے

وسیع اختیارات کے باوجود صوبائی محصولات بہت کم ہیں خرم شہزاد

وفاقی حکومت نے ٹیکسوں اور لیویز کی مد میں 130 کھرب روپے سے زائد جمع کیے جو کہ مجموعی قومی پیداوار کے 11.3 فیصد کے برابر ہیں

اس کے برعکس تمام صوبوں کی مجموعی ٹیکس وصولی محض 979 ارب روپے رہی جو کہ جی ڈی پی کا صرف 0.85 فیصد بنتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے ان دعووں کو چیلنج کردیا کہ پاکستان کے صوبے ٹیکس وصولی میں وفاق سے بہتر کارکردگی دکھا رہے ہیں۔ انہوں نے ایف بی آر کے اعداد وشمار پیش کرتے ہوئے واضح کیا کہ آئینی طور پر ٹیکس کے وسیع اختیارات حاصل ہونے کے باوجود صوبائی محصولات اپنی اصل استعداد سے اب بھی بہت کم ہیں۔ خرم شہزاد نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ یہ دعویٰ گردش کررہا ہے کہ صوبوں کی ٹیکس کارکردگی وفاق سے بہتر رہی ہے اور اس سے اس بحث کو ختم ہوجانا چاہیے کہ این ایف سی ایوارڈ پر نظر ثانی کی ضرورت ہے یا نہیں، تاہم حقائق اس کے برعکس کسی اور نتیجے کی نشاندہی کرتے ہیں، خرم شہزاد کی جانب سے شیئر کیے گئے مالی سال 2025 کے ایف بی آر کے اعداد وشمار کے مطابق وفاقی حکومت نے ٹیکسوں اور لیویز کی مد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

ساؤتھ ایشیا پارٹنرشپ کے تحت منعقدہ تقریب سے سلیمان جی ابڑو خطاب کررہے ہیں

پاکستان انڈونیشیا کے درمیان تعاون کا معاہدہ وناسپتی انڈسٹری کیلئے اہم سنگ میل ہے، شیخ عمر ریحان

ایم او یو سے پام آئل کی مستحکم سپلائی، بہتر تجارتی شرائط اور صنعت کے طویل المدتی استحکام کو فروغ ملے گا، چیئرمین پی وی ایم اے

کراچی (کامرس رپورٹر) پاکستان وناسپتی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی وی ایم اے) کے چیئرمین شیخ عمر ریحان نے پاکستان اور انڈونیشیا کے درمیان پام آئل اور متعلقہ شعبوں میں تجارتی تعاون کے فروغ کے لیے ہونے والے معاہدے کو وناسپتی اور کوکنگ آئل انڈسٹری کے لیے ایک اہم اور مثبت پیش رفت قرار دیا ہے۔ پاکستان وناسپتی مینوفیکچررز ایسوسی ایشن (پی وی ایم اے) اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

موسم کا نیا سسٹم داخل؛ شدید سردی، بارش اور برفباری کی پیش گوئی

متعلقہ محکموں کو الرٹ کردیا گیا، شہریوں اور سیاحوں سے احتیاطی تدابیر اور ہدایات پر عمل کی اپیل

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب میں موسم کا نیا سسٹم داخل ہوگیا، جس کے بعد شدید سردی، بارش اور برف باری کی پیش گوئی کی گئی ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق آج سے مغربی ہواؤں کا سسٹم پنجاب میں داخل ہورہا ہے، جس کے باعث لاہور سمیت صوبے بھر میں شدید سردی اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

پی آئی اے اور انڈونیشیا کی قومی ایئر لائن گارودا کے درمیان اہم معاہدہ طے پا گیا

پاکستانی برآمد کنندگان کو اب عالمی منڈیوں تک بلا تعطل اور آسان رسائی حاصل ہوگی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ?پی آئی اے نے پاکستانی برآمد کنندگان کے لیے بڑا اقدام کرتے ہوئے انڈونیشیا کی قومی ایئر لائن 'گارودا' سے اہم معاہدہ طے کرلیا ہے۔ ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق پی آئی اے اور گارودا انڈونیشیا کے درمیان کارگو اسپیشل پرو ریٹ ایگریمنٹ پر دستخط کیے گئے ہیں جس سے پاکستانی برآمد کنندگان کو اب عالمی منڈیوں تک بلا تعطل اور آسان رسائی حاصل (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

فاسٹ ٹریک لیب عمارت کی تعمیر، فنڈز میں خورد برد کا انکشاف

پراجیکٹ کے اکاؤنٹ میں 80 لاکھ کے بجائے صرف 1886 روپے بقایا پڑے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے ذیلی ادارے پاکستان کونسل فار رینیوایبل انرجی ٹیکنالوجیز (پیکرٹ) کے منصوبہ فاسٹ ٹریک کی لیب عمارت تعمیر کے لیے مختص فنڈز میں خورد برد کا انکشاف، پراجیکٹ ڈائریکٹر سے تحریری وضاحت طلب، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اکاؤنٹس کو معطل کردیا گیا۔ سیکریٹری وزارت سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی منظوری کے بعد پاکستان کونسل فار رینیوایبل انرجی ٹیکنالوجیز (پیکرٹ) کے فنڈز میں بے ضابطگیوں اور بدانتظامی کا سخت نوٹس لیا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

کراچی: صدر میں سڑک کنارے ٹھیلے پر یخنی فروخت کی جارہی ہے

کراچی سے مچھلی اور پرندوں کے شکار پر جانیوالے افراد کی کشتی الٹ گئی

ڈوبنے والے 2 افراد میں سے ایک کی لاش نکالی گئی، میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میری ٹائم سیکیورٹی ایجنسی نے کیٹی بندر کے قریب ڈوبنے والی کشتی پر سوار 8 میں سے 6 افراد کو بچالیا، ڈوبنے والے ایک فرد کی لاش نکال لی گئی، لاپتہ ایک شخص کی تلاش جاری ہے، واقعہ ممکنہ طور پر تیز ہواؤں کے سبب پیش آیا۔ کیٹی بندر کے قریب کراچی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

پاکستان کا یو اے ای سے 2.5 ارب ڈالر قرض کیلئے طویل مدت اور کم شرح سود کا مطالبہ

پاکستان نے یہ درخواست صدر یو اے ای کے حالیہ ذاتی دورہ پاکستان میں کی تھی، 450 ملین ڈالر کا وہ قرض بھی شامل جو 30 برس قبل لیا گیا تھا

پاکستان نے گزشتہ ہفتے توانائی کے شعبے کے 36 ارب ڈالر کے قرض کی ری فنانسنگ کے لیے بھی عالمی بینک سے مدد مانگی تھی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے متحدہ عرب امارات سے 2.5 ارب ڈالر کے قرض کی 2 سال کے لیے توسیع اور شرح سود تقریباً نصف کرنے کی درخواست کی ہے، جس میں وہ 450 ملین ڈالر کا قرض بھی شامل ہے جو 30 سال قبل ایک سال کے لیے حاصل کیا گیا تھا۔ سرکاری ذرائع کے مطابق یہ درخواست اس عرصے میں کی گئی جب یو اے ای کے صدر ذاتی دورے پر پاکستان آئے تھے۔ یو اے ای کے صدر سے ملاقات کے بعد وزیراعظم شہباز شریف نے کہا تھا کہ یو اے ای نے قرض رول اوور کرنے پر اتفاق کیا ہے، تاہم اس کی مزید تفصیلات فراہم نہیں کی گئیں۔ یہ پیش رفت ایسے وقت سامنے آئی ہے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

PIA کو نقصان پہنچانے والوں کا احتساب کرنا چاہیے، شازیہ مری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پیپلز پارٹی کی رہنما شازیہ مری نے کہا ہے کہ قومی ایئر لائن (پی آئی اے) کو نقصان پہنچانے والوں کا احتساب کرنا چاہیے، قومی ایئر لائن کو نقصان پہنچا کر نجکاری کی راہ ہموار کی گئی، قومی ایئر لائن کے نقصانات پر تحقیقات کریں، نجکاری حل نہیں، اوپن اسکائی پالیسی کی وجہ سے قومی ایئر لائن کو تاریخی نقصان ہوا۔ پارٹی رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران انہوں نے کہا کہ پرائیویٹائزیشن (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23)

پہلے 6 ماہ، یورپی یونین سے ترسیلات زر میں 23 فیصد اضافہ، حجم 2.618 ارب ڈالر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں یورپی یونین کے ملکوں سے ترسیلات زر میں سالانہ بنیاد پر 23 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، اسٹیٹ بینک کے مطابق پہلی ششماہی میں یورپی یونین سے 2.618 ارب ڈالر موصول ہوئے جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں موصول 2.135 ارب ڈالر سے 23 فیصد زائد ہے، دسمبر میں یورپی یونین سے ترسیلات زر کا حجم 499 ملین ڈالر رہا جو گزشتہ سال دسمبر میں موصول 360 ملین ڈالر سے 39 فیصد زائد ہے۔

حضرت عیسیٰ سے بھی تقریباً 1000 سال پہلے کا درخت جو آج بھی پھل دے رہا ہے

اس کا تنا بہت بڑا اور گھنا ہے، جس کا محیط تقریباً 12.5 میٹر (41 فٹ) اور قطر قریب 4.6 میٹر ہے

یونان (مانیٹرنگ ڈیسک) یونان میں ایک زیتون کے درخت کو دنیا کا قدیم ترین زیتون کے درخت قرار دیا گیا ہے۔ اور حیرت کی بات یہ ہے کہ یہ درخت آج بھی زیتون دیتا ہے۔ یہ درخت 'TreeOlive Vouves of' کے نام سے کریٹ جزیرے کے گاؤں اینو ووز میں واقع ہے۔ اس درخت کی عمر تقریباً 3000 سال ہے جبکہ کچھ ماہرین اسے 4000 سال تک بھی بتاتے ہیں۔ یعنی حضرت عیسیٰ کے زمانے سے بھی تقریباً ہزار سے دو ہزار سال پہلے کا درخت۔ اور یہ درخت آج بھی زیتون (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

پیری پمپنگ اسٹیشن پر نئی پائپ لائن کا منصوبہ مکمل

متاثرہ علاقوں میں پانی کی فراہمی بحال کردی، ترجمان واٹر کارپوریشن

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) پیری پمپنگ اسٹیشن پر نئی پائپ لائن کا منصوبہ کامیابی کے ساتھ مکمل ہوگیا جس کے بعد متاثرہ علاقوں میں پانی کی فراہمی بحال کردی گئی ہے، ترجمان واٹر کارپوریشن کے مطابق نئی نصب شدہ پائپ لائن کو اب مکمل طور پر شہر کے موجودہ پانی کے نظام سے منسلک کردیا گیا ہے، پائپ لائن منصوبے پر چوبیس گھنٹے بلاتعطل کام جاری رہا، اس موقع پر سی ای او واٹر کار (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

تجارت نیوز
میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے
جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس
اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ ومہارت رکھتے ہوں
اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں
info@tijaratnews.tv
0307-0610770

چار سال کے دوران اوسط اجرت میں 62 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا، سروے رپورٹ

پاکستان بھر کی اوسط ماہانہ اجرت ایل ایف ایس 2020-21 میں 24,028 روپے سے بڑھ کر ایل ایف ایس 2024-25 میں 39,042 روپے ہوگئی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) لیبر فورس سروے 2024-25 میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ گزشتہ چار سال کے دوران اوسط اجرت میں 62 فیصد کا نمایاں اضافہ ہوا ہے، تاہم اس عرصے کے دوران افراطِ زر (مہنگائی) کی بلند شرح نے ہر کمائے گئے روپے کی اصل قوت خرید کے حوالے سے خدشات پیدا کردیے ہیں۔ پاکستان بیورو آف اسٹیٹکس کے سروے کے مطابق پاکستان بھر کی اوسط (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

پہلی ششماہی، کاروں کی فروخت میں 42 فیصد اضافہ ریکارڈ

ٹریکٹرز کی فروخت میں سالانہ بنیاد پر 20 فیصد کمی، آٹو موٹیو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) رواں مالی سال کی پہلی ششماہی میں ملک میں کاروں کی فروخت میں سالانہ بنیاد پر 42 فیصد اضافہ جبکہ ٹریکٹرز کی فروخت میں 20 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ پاکستان آٹو موٹیو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے مطابق پہلے 6 ماہ کے دوران ملک میں کاروں کے 65771 یونٹس فروخت ہوئے جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں فروخت 46398 یونٹس سے 42 فیصد زائد ہے۔ اس دوران 1300 سی سی یا اس سے زائد پاور کے 35404 یونٹس فروخت ہوئے جو گزشتہ مالی سال (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

کراچی: سڑک کنارے لگے ٹھیلے سے خواتین گرم کپڑے اور جرابیں دیکھ رہی ہیں

امریکا نے پاکستان سمیت 75 ممالک کے امیگرنٹ ویزے معطل کردیے

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی محکمہ خارجہ کے ٹویٹ کے مطابق پاکستان سمیت 75 ممالک کے شہریوں کیلیے امیگرنٹ ویزا پراسیسنگ عارضی طور پر معطل کی جارہی ہے، یہ تارکین وطن کی جانب سے امریکی عوامی فلاحی سہولیات (ویلفیئر) کے غیر معمولی اور ناقابل قبول استعمال کی شرح سامنے آئی ہے، سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ کے مطابق یہ پابندی اس وقت تک برقرار رہے گی جب تک امریکہ اس بات کو یقینی نہیں بنالیتا کہ نئے آنے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

صدر میں ٹھیلے والوں کی بدمعاشی عروج پر، ٹریفک پولیس افسر کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) شہر کے مصروف ترین علاقے صدر میں ٹھیلے والوں کی بدمعاشی عروج پر پہنچ گئی، ٹریفک پولیس افسر کو تشدد کا نشانہ بنا ڈالا، واقعے کی فوٹیج بھی سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی، صدر پولیس نے ایک ملزم کو گرفتار کرکے واقعے کا مقدمہ درج کرلیا، ٹریفک میں خلل ڈالنے پر ٹھیلے والے کو سڑک سے ہٹانے کے لیے آنے والے ٹریفک پولیس افسر کو ٹھیلے والے نے تشدد کا نشانہ بنایا تھا، واقعے کی فوٹیج بھی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

سعودی عرب؛ اعضا عطیہ کرنے والے 200 شہریوں کو شاہی اعزاز سے نوازا گیا

سعودی فرمانروا سلمان بن عبدالعزیز نے 200 شہریوں کو شاہی اعزاز سے نوازا

جدہ (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب میں ہر سال کی طرح اس برس بھی اعضا عطیہ کرنے والوں کو شاہی اعزاز دیا گیا سعودی عرب میں انسانی ہمدردی اور ایثار کی اعلیٰ مثال قائم کرنے والے 200 شہریوں کو شاہی اعزازات سے نوازنے کا اعلان کیا گیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

ایکنک کا اجلاس، 117 ارب کے اہم ترقیاتی منصوبے منظور

توانائی، انفراسٹرکچر اور ٹرانسپورٹ کے بڑے منصوبے بھی شامل ہیں تاکہ سماجی واقتصادی ترقی کو فروغ دیا جاسکے

اسحاق ڈار نے متعلقہ وزارتوں کو ہدایت کی کہ یہ منصوبے مناسب منصوبہ بندی، نفاذ اور پائیداری کے ساتھ مکمل کیے جائیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈپٹی وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے وزارتِ خارجہ میں ہونے والے ایکنک کے اجلاس کی صدارت کی اور 117 ارب روپے سے زائد کے اہم ترقیاتی منصوبے منظور کیے۔ جن میں سیاحت سہولت پروگرام کو 30 جولائی 2026 تک بڑھانا شامل ہے، اس کے علاوہ ان میں توانائی، انفراسٹرکچر اور ٹرانسپورٹ کے بڑے منصوبے بھی شامل ہیں تاکہ سماجی واقتصادی ترقی کو فروغ دیا جاسکے اور عوامی خدمات کی فراہمی میں بہتری لائی جاسکے۔ ذرائع کے مطابق اسحاق ڈار نے متعلقہ وزارتوں کو ہدایت کی کہ یہ منصوبے مناسب منصوبہ بندی، نفاذ اور پائیداری کے ساتھ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

چاکیواڑہ میں سڑک پر پانی جمع ہونے کی وجہ سے گڑھے پڑ گئے، گاڑی سوار اور راہ گیر انتہائی مشکلات کا شکار ہیں

اوورسیز پاکستانی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں چوہدری سالک حسین

آئندہ صنعتکاروں کو فزیکل نوٹسز اور ہراسانی کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا، وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی وانسانی وسائل

آڈٹ نوٹسز اور ایف بی آر کے سخت رویے سے صنعتکار بدظن ہو چکے ہیں، مشکلات کم کرنے کے لیے مؤثر میکنزم تشکیل دیا جائے، زبیر چھایا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی وانسانی وسائل چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ اوورسیز پاکستانی اس وقت ملکی معیشت کی ریڑھ کی ہڈی ہیں اور حکومت ان کے مسائل کے حل، ہنرمندی کے فروغ اور روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے جامع اصلاحات پر کام کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ای او بی آئی سمیت اہم اداروں کو ڈیجیٹلائز کیا جارہا ہے تاکہ صنعتکاروں کو ہراساں کرنے کے بجائے سہولت فراہم کی جاسکے اور ٹیکس دہندگان کے لیے سازگار ماحول بنایا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) کے دورے کے موقع (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

ہالا ناکہ کے قریب تجاوزات کے خلاف کارروائی پر علاقہ مکین روڈ بلاک کرکے مظاہرہ کررہے ہیں

ایڈیٹر محمد صغیر نے قیوم پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا